Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 منگل، 9 ربیع الاول 1445ھ، 26 ستمبر 2023ء، 12 اسوج 2080 ب، قیمت 20 روپے شمارہ 150

# تاریخ لینے کا رجحان اب نہیں چلے گا چیف جسٹس

## چیف جسٹس کی اردو انگریزی ملا کر بولنے پر وکیل کی سرزنش، وکیل کی آواز نہ آئے تو اسے وکالت چھوڑ دینی چاہیے، اپنے ذہن سے یہ بات نکال دیں کہ اب مقدمات میں التوا ملے گا، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ریمارکس

اسلام آباد (عوامی للکار) سپریم کورٹ میں دوران سماعت چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے وکیل کے آہستہ اور اردو انگریزی ملا کر بولنے پر سرزنش کر دی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ وکیل کی آواز نہ آئے تو اسے وکالت چھوڑ دینی چاہیے۔ انہوں نے سرزنش کرتے ہوئے وکیل کو ہدایت دی کہ اونچی آواز میں دلائل دیں۔ درخواست گزار کے ( بقیہ نمبر 29)

لندن، نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کا سینئر لیڈرز آف لندن کے ہمراہ گروپ فوٹو

## لاپتہ صحافی عمران ریاض 4 ماہ بعد بازیاب، گھر پہنچ گئے

### آئی جی پنجاب، ڈی پی او سیالکوٹ اور عمران ریاض کے وکیل کی بھی تصدیق

### ہائیکورٹ نے بازیابی کے لیے آئی جی پنجاب کو 26 ستمبر تک کی آخری مہلت دی تھی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تصدیق کی ہے کہ 4 ماہ سے زائد عرصے سے لاپتہ صحافی و اینکر پرسن عمران ریاض خان بحفاظت بازیاب ہوگئے اور اپنے گھر پہنچ چکے ہیں۔ سیالکوٹ کے ڈسٹرکٹ پولیس افسر (ڈی پی او) حسن اقبال اور عمران ریاض کے وکیل میاں علی اشفاق نے بھی اس پیش رفت کی تصدیق کی ( بقیہ نمبر 30)

## بینائی متاثر کرنیوالے ایواسٹین انجکشن کی فروخت روکنے کا حکم

### پنجاب بھر سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 60 سے زائد ہوگئی، نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیرصدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بینائی متاثر کرنے والے ایواسٹین انجکشن کی فروخت روکنے کا حکم دے دیا، لاہور میں ڈسٹری بیوٹر کے دفتر پر چھاپہ مار کر ایواسٹین انجکشن کی بھاری مقدار برآمد ( بقیہ نمبر 34)

## حکومت نے حج کا دورانیہ کم کرنے پر غور شروع کر دیا

### سعودی حکومت نے کراچی کو اگلے حج میں روڈ ٹو مکہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، نگران وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور انیق احمد نے کہا ہے کہ اگلے سال سرکاری حج کا دورانیہ 45 روز سے کم کرنے کی تجویز ہے، ہم نگران حکومت ہیں پتہ نہیں کب تک ہیں، ہم کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیں ( بقیہ نمبر 33)

## پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کالعدم قرار دیا جائے، خواجہ طارق

### پارلیمنٹ کی جانب سے عدالتی معاملات میں مداخلت اختیارات کی آئینی تقسیم کی خلاف ورزی ہے، سپریم کورٹ میں جواب

اسلام آباد (این این آئی) پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے خلاف کیس میں درخواست گزار راجہ عامر کے وکیل خواجہ طارق رحیم نے سپریم کورٹ میں جواب جمع کرا دیا۔ وکیل خواجہ طارق رحیم کی جانب سے استدعا کی گئی ہے ( بقیہ نمبر 31)

# پنجاب کی تاریخ میں پہلی پلاسٹک روڈ بن گئی

## وزیراعلیٰ پنجاب نے جم خانہ مال روڈ سے جیل روڈ تک بننے والی ظفر علی پلاسٹک روڈ کا افتتاح کر دیا، پلاسٹک روڈ کے کامیاب تجربے کے بعد اس کا دائرہ کار مزید بڑھایا جائیگا، مال روڈ کو بھی پلاسٹک روڈ میں تبدیل کیا جائیگا، محسن نقوی

### پلاسٹک روڈ پانی سے جلد ٹوٹے گی نہیں، کم از کم 10 سال تک چلتی ہے، سڑک کی تعمیر پر 6 کروڑ کی جگہ 2 کروڑ روپے لاگت آئی، پلاسٹک روڈ اسفالٹ روڈ کے مقابلے میں دیرپا اور کم لاگت سے تیار ہوتی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب کی تاریخ میں پہلی پلاسٹک روڈ بن گئی، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پہلی پلاسٹک روڈ کا افتتاح کر دیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے جم خانہ مال روڈ سے جیل روڈ تک بننے والی ظفر علی پلاسٹک روڈ کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ظفر علی پلاسٹک روڈ کا معائنہ کیا اور معیار کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو پلاسٹک روڈ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری تعمیرات و مواصلات اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے پروفیسرز نے پلاسٹک روڈ کی افادیت کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پلاسٹک روڈ کی تعمیر میں تکنیکی معاونت پر یو ای ٹی کے پروفیسرز کی خدمات کو سراہا۔ محسن نقوی نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پلاسٹک روڈ کے کامیاب تجربے کے بعد اس کا دائرہ کار مزید بڑھایا جائے گا-ایک ماہ تک موجودہ پلاسٹک روڈ کا جائزہ لے کر مزید پلاسٹک روڈز بنائیں گے۔ مال روڈ کو بھی پلاسٹک روڈ میں تبدیل کیا جائے گا۔ پلاسٹک روڈ بارش کے پانی سے جلد ٹوٹے گی نہیں۔ پلاسٹک روڈ کم از کم 10 سال تک چلتی ہے۔ پلاسٹک روڈ بارش کے پانی سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہیں ( بقیہ نمبر 35)

## جعلی انجکشن سے بینائی متاثرین کا مفت علاج ہوگا

### یہ ایمرجنسی انجکشن نہیں ہے، یہ ملٹی نیشنل کمپنی کا بنایا ہوا ہے، ڈاکٹر جمال ناصر

لاہور (عوامی للکار) پنجاب کے نگراں صوبائی وزیر برائے پرائمری اینڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا ہے کہ انجکشن لگنے سے جن کی بینائی متاثر ہوئی ہے ان کا ( بقیہ نمبر 32)

صدر بشپس چرچ آف پاکستان کی وفد کے ہمراہ آرمی چیف سے ملاقات

## گھی کی فی کلو قیمت میں 34 روپے تک کمی واقع

### درجہ سوم گھی کی فی کلو قیمت 356 روپے اور درجہ دوم کی فی کلو قیمت 454 روپے ہوگئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) گھی کی فی کلو قیمت میں 34 روپے تک کمی ہو گئی، جس کے بعد درجہ سوم گھی کی فی کلو قیمت 356 روپے اور درجہ دوم کی فی کلو قیمت 454 روپے ہوگئی۔ ڈالر کی قدر

## آشوب چشم: صوبہ بھر میں سکولوں کے لئے دوبارہ الرٹ جاری

### بچوں کو بیماری سے آگاہی کیلئے سکولوں میں زیرو پیریڈ لگایا جائے، آشوب چشم سے بچاؤ کیلئے محکمہ صحت کی ہدایات پر عمل کیا جائے

### بڑوں سے زیادہ بچوں میں یہ شکایت پائی جارہی ہیں جس کی وجہ سے سکولوں میں طلبہ کی حاضری 25 تا 30 فیصد کم ہوگئی ہے

لاہور (اے ایف پی) آشوب چشم کا پھیلا، محکمہ تعلیم نے صوبہ بھر میں سکولوں کے لیے دوبارہ الرٹ جاری کر دیا۔ اس حوالے سے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے صوبہ بھر کی ایجوکیشن اتھارٹیز کو مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ مراسلہ کے مطابق بچوں کو بیماری سے آگاہی کیلئے سکولوں میں زیرو پیریڈ لگایا جائے، آشوب چشم سے بچا کیلئے محکمہ صحت کی ہدایات پر عمل کیا جائے۔ ( بقیہ نمبر 44)



لندن میں نواز شریف، بیرسٹر امجد ملک، شہباز شریف، مریم نواز، اسحاق ڈار و دیگر کا گروپ فوٹو

## سی پیک منصوبوں پر ملک گیر فوٹو گرافی مقابلے کا آغاز

### یہ مقابلہ پاکستان اور چین کے درمیان قریبی اور گہرے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوگا

### وفاقی سیکرٹری اطلاعات ظہور احمد کی زیرصدارت انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس، فوٹو گرافی مقابلہ کے انتظامات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزارت اطلاعات و نشریات نے پاکستان چائنہ انسٹیٹیوٹ (پی سی آئی) کے اشتراک سے ملک گیر فوٹو گرافی مقابلے کا آغاز کیا ہے جس میں چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انی شی ایٹو (بی آر آئی) کے تحت چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک (منصوبے پر ہونے والی پیشرفت کو اجاگر کیا جائے گا۔ اس ضمن میں وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات ظہور احمد ( بقیہ نمبر 36)

## امپورٹر کو مارکیٹ سے جعلی انجکشن واپس اٹھانے کی ہدایت

### متعلقہ انجکشن کی فروخت اور استعمال پر عارضی طور پر پابندی لگائے جانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈریپ (ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان) نے بینائی متاثر کرنے والے انجکشن کا اسٹاک امپورٹر کو مارکیٹ سے واپس ( بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی، وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد سکستھ روڈ میٹرو اسٹیشن کا معائنہ کر رہے ہیں

## محسن نقوی سے جاپانی سفیر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

### ملاقات میں جائیکا (جاپان انٹرنیشنل کارپوریشن ایجنسی) کے تعاون سے جاری پروگرام پر بھی بات چیت

### جاپان کا آٹو انڈسٹری میں اپنا علیحدہ مقام ہے، الیکٹرک موٹر بائیکس کے حوالے سے جاپانی تعاون چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے جاپان کے سفیر واڈا مٹسو ہیرو نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، سیاحت، میوزیم کی بحالی، آٹو انڈسٹریز، واٹر اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی، ملاقات میں جائیکا (جاپان انٹرنیشنل کارپوریشن ایجنسی) کے تعاون سے جاری پروگرام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ پنجاب کے عوام کو مزید سہولتیں دینے کے لئے جاپان کی تکنیکی معاونت کا خیر مقدم کرتے ہیں، جاپان کے تعاون ( بقیہ نمبر 51)

## الیکشن کمیشن کے پاس رجسٹرڈ سیاسی جماعتیں 171 ہیں، تفصیلات جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تفصیلات جاری کر دی جس کے مطابق الیکشن کمیشن کے پاس رجسٹرڈ سیاسی جماعتیں 171 ہیں، الیکشن کمیشن میں تین نئی سیاسی جماعتیں رجسٹرڈ ہوئی ہیں، الیکشن کمیشن میں تحریک احساس پاکستان ، خادمین سندھ اور کسان لیبر پارٹی رجسٹرڈ ہوئی ہیں، اس سے پہلے الیکشن کمیشن میں 168 سیاسی جماعتیں رجسٹرڈ تھیں۔

## چوہدری شجاعت کی ملک کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں

### وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج نے چوہدری شجاعت حسین کی عیادت کی

لاہور (آئی آئی پی) نگران وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق خلیل جارج نے کہا ہے کہ چوہدری شجاعت حسین کی ملک و سیاست کے لیے خدمات ناقابل فراموش ( بقیہ نمبر 37)

## ایک آنکھ سے معذور افسر کیخلاف درخواست پر جسٹس اعجاز الاحسن برہم

### محمد ساجد ایک آنکھ سے معذور ہے، جب تقرری میرٹ پر کی گئی تو مسئلہ کیا ہے؟

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ایک آنکھ سے معذور سرکاری افسر کے خلاف دائر درخواست پر جسٹس اعجاز الاحسن برہم ہوگئے۔ پیر کو دوران سماعت جسٹس اعجاز الاحسن نے معذور افسر کی تعیناتی کے خلاف درخواست پر اظہار برہمی کیا ہے۔ انہوں ( بقیہ نمبر 38)

## ٹیکس سے متعلق کیس، وکیل درخواست گزار کو دس ہزار روپے کا جرمانہ عائد

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ٹیکس سے متعلق کیس میں وکیل درخواست گزار کو دس ہزار روپے کا جرمانہ عائد کر دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ چیف جسٹس پاکستان نے وکیل درخواست گزار سے مکالمہ ( بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی سراج الحق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مفاہمت، ملک وعوام کے مفاد کی سیاست کی

### بہت جلد پنجاب میں عوامی رابطہ مہم شروع کر رہے ہیں'' آصف زرداری

مریدکے (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے چیئرمین و سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ شہدا کی جماعت پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مفاہمت اور ملک و عوام کے مفاد کی سیاست کی ہے اور کرتی رہے گی۔ مریدکے سے پیپلز پارٹی سابق ایم ( بقیہ نمبر 47)

## ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے خصوصی سیل قائم

### عوام کی فلاح و بہبود کیلئے سرکاری افسران اپنے فرائض بلاخوف وخطر سرانجام دیں، سیکرٹریز کانفرنس سے خطاب

### مفاد عامہ کے ترقیاتی منصوبوں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کرنے سے متعلق احکامات جاری، تاخیر کی صورت میں متعلقہ محکمہ جوابدہ ہوگا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) میں خصوصی سیل قائم کرنے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں سیکرٹریز کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کی۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ) ( بقیہ نمبر 39)

## قیدی نمبر 804 پکڑائی نہیں دے رہا، مشاہد حسین سید

### سنبھالا نہیں جارہا تو سبق سیکھیں، لگتا ہے چیئرمین پی ٹی آئی سے مدر آف آل ڈیلز ہوگی

لاہور (عوامی للکار) مسلم لیگ ن کے رہنما مشاہد حسین سید کا کہنا ہے کہ قیدی نمبر 804 پکڑائی نہیں دے رہا، سنبھالا نہیں جارہا تو سبق سیکھیں، لگتا ہے چیئرمین ( بقیہ نمبر 52)

## چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل شفٹ کریں، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

### چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کا سٹیٹس تبدیل ہو چکا ہے، اسلام آباد کے تمام انڈر ٹرائل قیدی اڈیالہ جیل میں ہیں

### جیل رولز کے مطابق وہ جن چیزوں کے حقدار ہیں ملنی چاہئیں، حق تلفی نہ ہو، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (اے ایف پی) ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل شفٹ کریں۔ عمران خان کی اٹک جیل سے اڈیالہ جیل منتقلی کی درخواست کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کا اسٹیٹس تبدیل ہو ( بقیہ نمبر 48)

وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## صنم جاوید سمیت دیگر کی ضمانت منظوری چیلنج کرنے کا فیصلہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پراسیکیوشن نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں صنم جاوید سمیت دیگر ملزمان کی ضمانت منظوری کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق جناح ہاؤس حملہ کیس میں پراسیکیوشن انسداد دہشت گردی کی جانب سے صنم جاوید، روبینہ جمیل سمیت ( بقیہ نمبر 40)

## احتساب کے نام پر سیاسی انتقام لیا جاتا ہے تو جو اچھا نہیں

### بلاول بھٹو کے دباؤ پر الیکشن کمیشن نے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا، منظور وسان

خیرپور (نمائندہ عوامی للکار) پیپلز پارٹی کے رہنما منظور وسان نے دعویٰ کیا ہے کہ بلاول بھٹو کے دباؤ پر الیکشن کمیشن نے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا۔ تفصیلات کے ( بقیہ نمبر 53)

## سکھر، سلنڈر پھٹنے سے جاں بحق افراد کی تعداد 7 ہوگئی

سکھر (نمائندہ عوامی للکار) سکھر بس ٹرمینل کے قریب دکان میں سلنڈر پھٹنے سے زخمی ہونے والا ایک اور فرد دوران علاج دم توڑ گیا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق 4 روز قبل ہونے والے سلنڈر دھماکے کا ایک اور ( بقیہ نمبر 41)

## نواز شریف کی واپسی، استقبال کیلئے پارٹی عہدیداروں کو ٹاسک تفویض

### مریم نواز نے کوآرڈینیشن کمیٹیاں تشکیل دیدیں، 30 ستمبر کو رپورٹس پیش کرینگی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے قائد نواز شریف کے وطن واپسی پر استقبال کے لیے ڈویژنل اور ضلعی عہدیداران کو زیادہ سے زیادہ کارکنان ( بقیہ نمبر 42)

## چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا، نعیم پنجوتھا

### چیئرمین پی ٹی آئی کو بذریعہ سڑک سیکیورٹی کے ہمراہ اڈیالہ جیل لایا گیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف چیئرمین عمران خان کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق انہیں بذریعہ سڑک سیکیورٹی کے ہمراہ اڈیالہ جیل لایا گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل شیر افضل مروت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو 4 بجے اڈیالہ جیل لایا گیا۔ شیر افضل مروت نے بتایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ( بقیہ نمبر 49)

## مبینہ غیر شرعی نکاح کیس، چیئرمین پی ٹی آئی کو 2 اکتوبر کو پھر پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے غیر شرعی نکاح کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو 2 اکتوبر کو دوبارہ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف مبینہ غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت ہوئی۔ سول جج قدرت اللہ کی عدالت میں چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل شیر افضل مروت پیش ہوئے۔ وکیل شیر افضل نے استدعا کی کہ مبینہ غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دیں۔

راولپنڈی کے علاقہ کو عید میلاد النبیؐ کے حوالے سے سجایا گیا ہے

## عوامی پذیرائی اتنی زیادہ ہے کہ الیکشن میں نقصان کا خدشہ نہیں، بیرسٹر علی ظفر

### سپریم کورٹ 90 روز میں انتخابات کرانے کے اپنے فیصلے پر عمل بھی کرائے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ عوامی پذیرائی اتنی زیادہ ہے کہ لیول پلینگ فیلڈ نہ ہونے کے باوجود ہمیں نقصان کا خدشہ نہیں۔ انہوں نے لاہور ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران عام انتخابات پر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابات کے لیے پی ٹی آئی کے پاس لیول پلینگ ( بقیہ نمبر 50)

# بشریٰ بی بی کا سابق شوہر خاور مانیکا گرفتار

### خاور مانیکا سرکاری ملازم ہیں، این او سی بھی موجود تھا، سٹاپ لسٹ میں نام کی وجہ سے روکا گیا

### سرکاری رقبہ پر ناجائز تعمیرات کے الزام میں گرفتار کیا، ملک سے فرار کی کوشش کر رہے تھے' ترجمان اینٹی کرپشن

لاہور (عوامی للکار) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) امیگریشن نے بشریٰ بی بی کے سابق شوہر خاور مانیکا کو بیرون ملک جانے سے روک دیا، اینٹی کرپشن نے سرکاری رقبہ پر ناجائز تعمیرات کے الزام پر خاور فرید مانیکا کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق خاور مانیکا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے دبئی جا رہے تھے کہ ایف آئی اے نے انہیں روک لیا اور اینٹی کرپشن کے حوالے کر دیا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ خاور مانیکا سرکاری ملازم ہیں اور باہر جانے کا این او سی بھی ان کے پاس موجود تھا تاہم سٹاپ لسٹ میں نام ہونے کی وجہ سے انہیں روک لیا گیا۔ ترجمان اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ( بقیہ نمبر 43)

لاہور، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کو بشپ ارشاد جان گلدستہ پیش کر رہے ہیں

## مہنگائی کی حوصلہ شکنی کیلئے سپلائی چین پر جامع مشترکہ پلان کی ضرورت ہے

### فوڈ سپلائی چین پر متفقہ جامع پلان پر کام کرنا چاہیے، ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک

اسلام آباد (عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ، ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے ایگریکلچر پالیسی انسٹی ٹیوٹ، اسلام آباد کے بارے میں تعارفی بریفنگ لی۔ ڈائریکٹر جنرل عبدالکریم نے ایگریکلچر پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے کام اور اس کے جاری منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ اے پی آئی صارفین، پروسیسرز اور برآمد کنندگان جیسے گروپوں پر اہم زرعی پالیسیوں کے اثرات کا تجزیہ کرتا ہے ( بقیہ نمبر 54)

## شہری کی تنخواہ ہڑپ کرنے کے ملزمان کی درخواست ضمانت خارج

### غریب سے زیادتی ہوئی، سیلری ہڑپ کر لی پھر مزید پیسے بھی لے لیے، جسٹس سردار طارق مسعود

اسلام آباد (عوامی للکار) سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے شہری کی تنخواہ ہڑپ کرنے کے ملزمان کی درخواست ضمانت خارج کر دی گئی۔ سپریم کورٹ میں محکمہ تعلیم کے 2 ملازمین نے اینٹی کرپشن کے مقدمے میں ضمانت کے لیے درخواست ( بقیہ نمبر 55)

## پنجاب میں آشوب چشم کی ادویات نایاب، مریض خوار ہوگئے

مریدکے (عوامی للکار) پنجاب میں آشوب چشم کی ادویات نایاب ہوگئیں، مریض ادویات کے حصول کیلئے خوار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب میں آشوب چشم کی وبا پھوٹنے سے آشوب چشم کے تدارک کیلئے استعمال ہونے والی ادویات پولی فکس آئی ٹیوب کارٹی سپورین آئی ٹیون ڈیکسا کلورڈراپ میٹھا کلورڈراپ% 5. 0 ڈراپ بیٹی سول این ڈراپ جنٹا مائسن ڈراپ وغیرہ مارکیٹوں سے غائب ہوگئے ہیں کئی شہروں میں کئی سو فیصد مہنگے بلیک میں فروخت ہونے کی اطلاعات ہیں اسکے ساتھ سرکاری اسپتالوں میں بھی آشوب چشم کی ادویات ناپید ہوچکی ہیں۔

نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی سابق گورنر بلوچستان جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ سے ملاقات کر رہے ہیں

# سٹی نیوز

## صحافی کو لوٹنے والے ڈاکوں کو گرفتار کر کے نقصان کا ازالہ کیا جائے، صدر APRNS

### ڈاکوں موٹر سائیکل، موبائل، پرس اور بیٹے کا موبائل پرس، گن پوائنٹ پر لے گئے، تقریباً 200000 لاکھ روپے کا نقصان ہوا

کوئٹہ (نمائندہ عوامی للکار) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS (رجسٹرڈ) کے بلوچستان کوئٹہ کے ممبر، ایڈیٹر ماہنامہ رکھوالے کوئٹہ، چیف ایڈیٹر فوکس نیوز عبدالشکور خان گران یوسفزئی 19 ستمبر 2023 کو شہر سے گھر جاتے ہوئے کرانی کلی گلزار کوئٹہ میں ڈاکوں نے موٹر موبائل سائیکل، پرس اور بیٹے کا موبائل پرس اس کے علاوہ 50000 نقدی سب کچھ گن پوائنٹ پر لے گئے تھے کل ملا کر تقریباً 200000 لاکھ روپے کا نقصان ہوا جس کی اطلاع رپورٹ بھی درج کروائی گئی لیکن تا حال نہ Fir درج ہوئی نہ نقصان کا ازالہ ہوا، آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے صدر جی ایم جٹ اور صوبائی ترجمان بلوچستان اسرار کھیتران نے گورنر بلوچستان، نگران وزیر اعلیٰ وآئی جی پولیس بلوچستان سمیت اعلیٰ حکام بالا اور انتظامیہ سے فوری ایکشن لینے اور نقصان کے آزالہ کا مطالبہ کیا ہے۔ سخت ایکشن ہونا چاہیے تا کہ دوبارہ کسی اور صحافی سے اس قسم کا واقع پیش نہ آئے

## کسی کو دین پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے مفتی ذکاءاللہ رضوی

### حضرت امام حسن نے مصلح امت کا کردار ادا کرکے کے اپنے نانا کے فرمان کو سچ کر دکھایا مفتی مختار علی رضوی

گوجرخان (قمر شہزاد) سنی جماعت پاکستان کے امیر مفتی مختار علی رضوی نے کہا ہے کہ حضرت امام حسن نے مصلح امت کا کردار ادا کرکے کے اپنے نانا حضرت محمد صل اللہ علیہ والہ وسلم کے فرمان کو سچ کر دکھایا، ان خیالات کا اظہار مفتی مختار علی رضوی نے مرکز اہلسنت گوجرخان جامع مسجد سیرانی میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے سالانہ عرس مبارک کے اجتماع میں صدارتی خطبہ دیتے ہوئے کیا، اجتماع سے علامہ سید مزمل شاہ کاظمی، علامہ مفتی ذکاء اللہ رضوی، علامہ شکیل تابش رضوی، مفتی عاصم یاسین المدنی، علامہ عدیل رضوی سیرانی، نے بھی خطاب کیا، تلاوت کی سعادت قاری محمد اکسیر سیرانی نے حاصل کی سید مصباح الحسن گیلانی ناصر سیرانی نے بارگاہ رسالت مآب صل اللہ علیہ والہ وسلم ہدیہ نعت پیش کی، جمعیت علماء پاکستان پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات نورالمصطفی نورانی خلیفہ محمد یونس قریشی، صاحبزادہ خلیل احمد رضوی، منیر احمد۔ ملہوترا، مولانا جہانگیر قادری، قاری محمد حسین سلطانی قاری ابرار علی چشتی، عبدالعزیز چشتی، سردار ہاشم علی دھمیال، مولانا عبدالمجید رضوی سیرانی نے شرکت کی علامہ سید مزمل عمر کاظمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ محبان اہلبیت وہ ہیں جو حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کا عرس منارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی اسلام کے دوگروہوں میں صلح کے منافقین بے نقاب ہوگئے۔

## ڈکیت ایک بار پھر بے لگام مقامی تاجر اور شہری شدید عدم تحفظ کا شکار

### تھانہ گوجرخان سے چند گز کے فاصلے پر ڈکیت تاجر سے 22 لاکھ چھین کر فرار

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کے قریب ڈکیتی کی دن دیہاڑے دلیرانہ واردات چور ڈکیت ایک بار پھر بے لگام شہریوں، تاجروں میں شدید خوف ہراس پھیل گیا تھانہ گوجرخان سے چند گز کے فاصلے پر ڈکیت آتشیں اسلحہ کی نوک پر تاجر سے نقدی چھین کر کار میں بیٹھ کر فرار ہوگے تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان سے چند گز کے فاصلے پر ڈکیت مقامی تاجر شیخ مرتضی سے صبح سوا9 بجے کے قریب 22 لاکھ روپے چھین کر فرار ہوگے مقامی تاجر بنک میں رقم جمع کروانے کے لیے نکلا تو سروس روڈ کیری سٹینڈ کے سامنے آتشیں اسلحہ سے لیس 4 ڈکیتوں نے رقم چھینی اور جی روڈ پر کھڑی کار میں سوار ہوکر فرار ہوئے گے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی سلیم خٹک پولیس نفری کے ہمراہ اور مرکزی انجمن تاجراں کے صدر راجہ جواد، حاجی ملک محبوب، شیخ ارشد، عابد، محمد ستار موقع واردات پر پہنچے، ڈی ایس پی سلیم خٹک نے کہا کہ علاقے کی نا کہ بندی کروادی گی ہے جلد ہی ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا جائے گا پولیس نے ڈکیتی کی اس واردات کا مقدمہ درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا ڈکیتی کی اس دلیرانہ واردات کی وجہ تاجر شدید خوف ہراس کا شکار ہو گے شہری حلقوں نے گوجرخان میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی سٹریٹ کرائم موٹرسائیکل لفٹنگ کی وارداتوں کے حوالے سے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سابق ایس ایچ او ملک نواز نے جو ڈکیت گینگز گرفتار کیے اس کے بعد سے تا حال کوئی گینگز گرفتار نہ کیے جا سکے ہیں جبکہ مقامی منتخب نمائندوں کی پراسرار خاموشی بھی معنی خیز ہے گوجرخان پولیس جرائم کنٹرول کرنے میں اپنا کردار ادا کرئے اور موثر حکمت عملی اپنائے اور گشت کے نظام کو موثر بنا کر شہریوں اور تاجروں کو تحفظ فراہم کرئے آئے دن شہریوں کو انکے قیمتی اثاثوں سے محروم کیا جا رہا ہے حکام بالا بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور چوری ڈکیتی کی وارداتوں پر سختی سے نوٹس لیں اور ڈکیت گینگز کی سرکوبی کریں۔

## گیس چوری کریک ڈاؤن: پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 111 گیس کنکشن منقطع

### 881 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کئے گئے اور 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 111 گیس کنکشن منقطع کردیے، 881 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کردیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 03 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 03 کنکشن منقطع کیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 08، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 01 کنکشن منقطع کیا جبکہ 42 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کئے گئے اور پندرہ ہزار روپے کا جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 14 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 9 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ شیخوپورہ میں گیس کے براہ راست استعمال اور غیر قانونی توسیع پر تین کنکشن منقطع کردیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 21 کنکشن منقطع کیے گئے۔ گیس چوروں کے خلاف متعلقہ تھانے میں ایک ایف آئی آر بھی درج کروادی گئی۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 07 گیس کنکشن منقطع کیے جبکہ گیس چوروں پر ایک لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ مردان میں 53 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ ریجنل ٹیم نے گیس چوروں پر تین لاکھ چالیس ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ سیالکوٹ میں کمپریسر کے استعمال پر نو گیس کنکشن جبکہ غیر قانونی استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیا گیا۔ سرگودھا میں 617 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے جبکہ کمپریسر کے استعمال پر تین اور غیر قانونی استعمال پر آٹھ کنکشن منقطع کردیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 149 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے 02 میٹر غیر قانونی استعمال پر اور کمپریسر کے استعمال پر 06 میٹرز منقطع کئے گئے گیس چوری کی مد میں 8 لاکھ 75 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران پانچ کنکشن منقطع کردیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 08 کنکشن منقطع کردیے گئے۔ ساہیوال میں گیس لائن کی غیر قانونی منتقلی پر ایک کنکشن منقطع جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر پانچ گیس کنکشن منقطع کئے گئے۔ ریجن نے گیس چوری پر 27 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 2، کمپریسر کے استعمال پر 04 میٹرز منقطع کئے گئے اور 20 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کئے گئے اور 72 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔

## اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

### اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں قیمتوں کی چیکنگ کی

اسلام آباد (نائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور مجموعی طور پر صفائی کا معائنہ کیا اور خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانہ عائد کیا اور تنبیہ کی گئی، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے ڈینگی مانیٹرنگ ٹیموں کے ساتھ مختلف مقامات پر ڈینگی ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا گیا یعنی پٹرول پمپس، ماربل فیکٹریوں، ورکشاپس، ٹائر شاپس، نرسریوں، کباڑ خانے وغیرہ اور انڈور گھرانوں کا لاروا کے لیے معائنہ کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے دو غیر قانونی ایل پی جی فیلنگ اسٹیشنز کو سیل کر دیا جبکہ مینجر کو گرفتار کر لیا گیا، اور دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کو وارننگ جاری کی گئی۔

## راولپنڈی کینٹ بورڈ کا پراپرٹی ٹیکس، پانی، صفائی بلوں میں رعایت کا اعلان

### عوام کی سہولت کے پیش نظر نیشنل بینک (بوتھ) کینٹ بورڈ 30 ستمبر (ہفتہ) کو کھلا رکھنے کا فیصلہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ نے پراپرٹی ٹیکس، صفائی اور پانی کے بلوں کی وصولی کے لئے 15 فیصد رعایت کا اعلان کر دیا 30 ستمبر 2023 تک ٹیکس جمع کرانے والے رہائشی مستفید ہوسکیں گے اس سلسلے میں کینٹ کے رہائشیوں کو بل اور نادہندگان کو نوٹسز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ شہری بل وصول نہ ہونے کی صورت میں دفتر ہذا سے بل وصول کریں۔ دوسری جانب عوام الناس کی سہولت کو مد نظر رکھتے ہوئے نیشنل بینک بوتھ کنٹونمنٹ بورڈ برانچ بروز ہفتہ 30 ستمبر 2023 صبح 9 تا دوپہر 1 بجے تک کھلا رہے گا۔ ترجمان کینٹ بورڈ نے بینک انتظامیہ سے بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے درخواست کی ہے کہ شہریوں کو اپنے واجبات جمع کرانے میں دشواری سے بچنے کے سلسلہ میں کینٹ بورڈ ریونیو برانچ کا عملہ بھی مناسب راہنمائی کے لئے دفتر میں موجود رہے گا۔

## رفاہ انسٹی ٹیوٹ فارماسیوٹیکل سائنسز گلبرگ گرینز نے فارماسسٹ کے عالمی دن کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) رفاہ انسٹی ٹیوٹ فارماسیوٹیکل سائنسز گلبرگ گرینز نے فارماسسٹ کے عالمی دن کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا۔ تقریبات کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کے بعد کیمپس ڈائریکٹر ڈاکٹر ثروت جمیلہ نے خیر مقدم کیا۔ RIPS گلبرگ گرینز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عمیر الیاس نے فارماسسٹ کا عالمی دن منانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا تھا جن میں فارمیسی کے شعبے کی اہم شخصیات بھی شامل تھیں۔ سر شفا بنگش (نائب صدر PPA)، حبیب طارق ڈپٹی ڈائریکٹر ڈریپ نے پالیسیوں اور فارمیسی کے پیشے کے وسعت کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ جشن کی ایک خاص بات فارمیسی کے پیشہ سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک خصوصی واک تھی۔ تقریب آر آئی پی ایس کے فیکلٹی ممبران کی موجودگی کے ساتھ شاندار تھی، جن میں ڈاکٹر اسلم خان، ڈاکٹر اشفاق احمد، ڈاکٹر سدرہ کلیم، ڈاکٹر ذاکر خان، ڈاکٹر مزمل مسعود، اور ڈاکٹر ابرار، ڈاکٹر کومل راجہ شامل تھے۔ تقریب میں شرکت کی، اس کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب کا اختتام مہمانوں میں سووینئرز کی تقسیم کے ساتھ ہوا، جس سے گلبرگ گرینز کے رفاہ انسٹی ٹیوٹ میں ورلڈ فارماسسٹ ڈے کی یادگار اور بامعنی تقریب منائی گئی۔

Celebrating
World Pharmacist Day

## بجلی بلوں کے خلاف پورے پاکستان نے احتجاج کیا کہ بے بس عوام پر رحم کیا جائے

### حکومت اور اس کے حواریوں نے عوامی احتجاج کو یکسر مسترد کر دیا چوہدری محمد اقبال

گوجرخان (قمر شہزاد) پٹرول اور بجلی بلوں کے خلاف عوامی احتجاج کو حکومت نے اپنے جوتے کی نوک پر رکھا عوام کو ریلیف دینے کی بجائے ہر پندرہ دن بعد ریٹ مزید زیادہ کر دیے جاتے ہیں جو غریب عوام کے ساتھ جنگ کا اعلان ہے ان خیالات کا اظہار بانی انجمن تاجراں حاجی چوہدری محمد اقبال نے اپنے اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پٹرول اور بجلی بلوں کے خلاف پورے پاکستان نے احتجاج کیا کہ بے بس عوام پر رحم کیا جائے غریب لوگ خودکشیاں کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں تمام بیوروکریٹ سیاستدانوں ججوں آرمی افسران کی مفت بجلی اور مفت پٹرول ختم کر کے ملکی خزانے پر رحم کیا جائے مگر کرپٹ حکومت اور اس کے حواریوں نے عوامی احتجاج کو یکسر مسترد کر دیا اور عوام کو ریلیف دینے اور اپنی عیاشیاں کم کرنے کی بجائے ہر روز ریٹ مزید بڑھا کر عوام کے ساتھ نہ صرف دشمنی کا ثبوت پیش کیا بلکہ اعلان جنگ کا آغاز کر دیا ہے اب عوام کو بھی اپنی غیرت کو جگانا ہوگا اب ان ظالموں کے خلاف احتجاج نہیں انقلاب لانا ہوگا اپنے حق کی خاطر لڑنا اسلام کا بنیادی اصول ہے خاموش رہنے اور احتجاجی مظاہروں سے نکل کر اب انقلابی راستہ اختیار کرنے کا وقت آ گیا ہے اگر اسی طرح ہم ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہے تو پانی سر سے گزر جائے گا ہماری آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی میری گوجرخان کی عوام سے اپیل ہے کے اس انقلاب کا آغاز اسی شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین سے شروع کیا جائے۔

## قابل قدر اوورسیز پاکستانیز کو سہولیات کی فراہمی کیلئے سپورٹ ڈیسک برائے اوورسیز پاکستانیز کا قیام

### وفاق اور صوبائی سطح پر سپورٹ ڈیسک کا قیام اوورسیز پاکستانیز کو سہولیات فراہم کرنے والے اداورں تک ان کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم پاکستان کی خصوصی ہدایت پر، اسپیشل اسسٹنٹ ٹو پرائم منسٹر برائے اوورسیز پاکستانیز جناب جواد سہراب ملک کی کاوشوں سے اسلام آباد میں پہلی دفعہ، وزارت داخلہ اور کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی معاونت سے قابل قدر اوورسیز پاکستانیز کو سہولیات کی فراہمی کیلئے سپورٹ ڈیسک برائے اوورسیز پاکستانیز کا قیام۔ وفاق اور صوبائی سطح پر سپورٹ ڈیسک کا قیام اوورسیز پاکستانیز کو سہولیات فراہم کرنے والے اداروں تک ان کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا۔ سمندر پار پاکستانیوں کو سہولت فراہمی کے لئے ایک اہم اقدام کے طور پر اسپیشل اسسٹنٹ ٹو پرائم منسٹر برائے سمندر پار پاکستانیز جواد سہراب ملک نے سی۔ڈی۔اے اور اسلام آباد انتظامیہ کے دفاتر میں سمندر پار پاکستانیوں کے لئے ون ونڈو سہولیاتی مرکز کی طرز پر "سمندر پار پاکستانیوں کے لئے سپورٹ ڈیسک کا آغاز کیا ہے۔ یہ خصوصی حکمت عملی وزیر اعظم پاکستان کے وژن کے مطابق سمندر پار پاکستانیوں کو جامع سہولیات کی فراہمی سے ہم آہنگ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے وزیر اعظم کے معاون خصوصی اور چیئرمین سی۔ڈی۔اے کے مابین وسیع مشاورت اور غور خوض کیا گیا، ان مشترکہ کاوشوں کے نتیجے میں آج سمندر پار پاکستانیوں کے لئے سپورٹ ڈیسک کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اسپیشل اسسٹنٹ ٹو پرائم منسٹر برائے سمندر پار پاکستانیز نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل کے ازالے کے لئے سمندر پار پاکستانیوں کے لئے سپورٹ ڈیسک کے قیام کے سلسلہ میں متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انھوں نے اس اہم اقدام کے حصول کے لئے حکومت کے فعال کردار کی تعریف کی جو سمندر پار پاکستانیوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لئے حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ سمندر پار پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی کے لئے خصوصی طور پر سی۔ڈی۔اے کے ون ونڈو فیسیلیٹیشن سنٹر میں سمندر پار پاکستانیوں کے لئے سپورٹ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔ ان سپورٹ ڈیسکوں کے قیام کا مقصد سمندر پار پاکستانیوں کو ایک ہی جگہ سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے مختلف اداروں کے حکام کو مختص کرنا ہے۔ سپورٹ ڈیسک پر دستیاب سہولیات میں جائیداد سے متعلق کیسز بشمول، ون ونڈو سہولیاتی سنٹر، سی۔ڈی۔اے ڈائریکٹوریٹ کے توسط سے رہائشی پلاٹس کی ٹرانسفر (عام ٹرانسفر، زبانی تحائف، فروخت کے کیسز میں ٹائٹل کی تبدیلی) عمارات کے کنٹرول کے معاملات سمیت عمارتوں، پلاٹوں کے نقشہ جات اور سی۔ڈی۔اے کی منظور شدہ سکیموں میں گھروں اور عمارات کی تکمیل کا سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے رابطہ، زمین اور بحالی کے کیسز شامل ہیں۔ یہ ڈائریکٹوریٹ مختلف سیکٹرز بشمول C-13-11-16 میں زمین کے حصول، ترقیاتی کاموں دیگر سکیموں سے متعلق معاملات کی راہنمائی، ریونیو کیسز، اسلام آباد کے تمام سیکٹرز میں سالانہ پراپرٹی ٹیکس اور سہ ماہی پانی اور دیگر واجبات کا اجراء شامل ہے۔ علاوہ ازیں سپورٹ ڈیسک پر سمندر پار پاکستانیوں کی راہنمائی اور معلومات کی فراہمی کے لئے متعلقہ اداروں کے آفیسران تعینات ہوں گے۔ چیئرمین سی۔ ڈی۔اے کے مطابق ان سپورٹ ڈیسک کے قیام کا مقصد سمندر پار پاکستانیوں کو ایک ہی جگہ سہولت فراہم کرنا ہے۔ سمندر پار پاکستانیوں کی راہنمائی اور سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام متعلقہ اداروں بشمول اسلام آباد پولیس، محکمہ ریونیو کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی سمیت متعلقہ حکام پر مشتمل ایک مستعد ٹیم ان ڈیسکس پر موجود ہے۔ ICT کے دفاتر میں قائم سپورٹ ڈیسک، انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ، اسلحہ لائسنس اور ڈومیسائل کے اجراء کی سہولت فراہم کرے گا۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سمندر پار پاکستانیز نے وزیر داخلہ سرفراز بگٹی اور چیرمین سی۔ڈی۔اے کیپٹن انوار الحق کا سمندر پار پاکستانیوں کے لئے سپورٹ ڈیسکوں کے قیام کے سلسلہ میں ان کے تعاون اور جذبے کو سراہا۔ انھوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ موجودہ حکومت سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے جس کے لئے تمام متعلقہ محکموں اور اداروں کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ڈیسک CDA ون ونڈو فیسیلیٹیشن 2/7_G اور اسلام آباد انتظامیہ کے دفاتر 4/11_G میں صبح 30:7 سے سہ پہر 30:3 کے دوران خدمات فراہم کر رہے ہیں جہاں سے سمندر پار پاکستانی دفتری اوقات کار میں مستفید ہو سکتے ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں رہائش پذیر سمندر پار پاکستانیوں کے اوقات کار کی مناسبت سے سیل چوبیس گھنٹے رسائی کو یقینی بنائے گا۔ یہ مختلف مواصلاتی ذرائع بشمول واٹس ایپ مختص لینڈ لائنز اور ہاٹ لائنز کے ذریعے بروقت میسر ہوگا۔ یہ نہ صرف سمندر پار پاکستانیوں کو درپیش جائیداد کے مسائل کے بروقت حل کے لئے ایک اقدام ہے بلکہ مسائل کے بروقت حل کے لئے ایک مثال بھی ہے۔ ان ڈیسکوں کی کامیابی وفاق اور دیگر صوبوں میں ایسے ہی اقدامات کے لئے راستہ ہموار کرے گی جس سے سمندر پار پاکستانیوں کی کثیر تعداد مستفید ہوگی۔ حکومت پاکستان سمندر پار پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کے لئے پرعزم ہے۔ یہ اقدام سمندر پار پاکستانیوں کو درپیش مسائل کے ازالے اور انھیں بروقت اور مربوط حل کے لئے ہمارے عزم کا اظہار ہے۔ حکومت پاکستان پرامید ہے کے اس اہم اقدام سے نہ صرف حکومت پر سمندر پار پاکستانیوں کے اعتماد کو تقویت ملے گی بلکہ سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لئے سازگار ماحول فراہم کریگا۔

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

# اشاعت خاص

## آشوب چشم وائرل انفیکشن...مرض قابل علاج

### نگران وزیر اعلیٰ پنجاب آنکھوں کی پھیلتی وبا کا فوری نوٹس

### آشوب چشم کے مرض اور غلط انجکشن کے باعث مریضوں کی بینائی متاثر ہونے پر فوری نوٹس

### محکمہ صحت کے حکام اور ماہرین امراض چشم کو چار امور پر فوری عملدرآمد کی ہدایت

### محکمہ تعلقات عامہ میں ڈیجیٹل میڈیا ونگ کا قیام حکومت پنجاب اور عوام کے درمیان براہ راست رابطہ کا ذریعہ

### جعلساز کمپنیوں، غلط ادویات فراہم کرنے والے سپلائرز کے خلاف سخت ایکشن

### نان سٹرلائیزڈ انجکشن کی دستیابی کے ذمہ دار ڈرگ انسپکٹروں کے خلاف بھی فوری کارروائی

تمام سرکاری ہسپتالوں میں تربیت یافتہ ڈاکٹر کی موجودگی کو یقینی بنادیا گیا ہے، تعلیمی اداروں میں آشوب چشم میں مبتلا بچوں کو احتیاطی تدابیر کے پیش نظر گھر واپس بھیج دیا جائے، ایک وائرل آشوب چشم کارنیا پر نشان چھوڑتا ہے جس کے ٹھیک ہونے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے

تحریر۔۔ناظم الدین

ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

لاہور میں آشوب چشم کی وبا تیزی سے پھیل رہی ہے اور اس وائرل انفیکشن کی وجہ سے روزانہ سینکڑوں مریض سرکاری ہسپتالوں کا رخ کر رہے ہیں۔ آشوب چشم کا شکار، ایک انتہائی متعدی آنکھ کا انفیکشن، بہت زیادہ آنسو کے ساتھ لالی، سوجن اور دردناک آنکھوں کی شکایت کرتا ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے آنکھوں کی پھیلتی وبا کا فوری نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صحت کے حکام اور ماہرین امراض چشم کے ساتھ اہم اجلاس میں چار امور پر فوری عملدرآمد کا فیصلہ کیا۔ ایسے حالات میں لوگوں کو غلط ادویات کی فراہمی کا سبب بننے والی جعلساز کمپنیوں اور اور ان کے سپلائرز کو سخت تادیبی سزاؤں کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات دے دیئے گئے ہیں۔ نان سٹرلائیزڈ انجکشن کی دستیابی کے ذمہ دار ڈرگ انسپکٹروں کے خلاف بھی فوری کارروائی کی جارہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے حکم پر امراض چشم کے علاج کے لئے Avastin کے استعمال پر کوالٹی رپورٹ آنے تک دو ہفتے تک پابندی عائد کردی گئی ہے۔۔ اس انجکشن کی وجہ سے متاثرہ اندھے پن کے شکار افراد کا فری علاج کیا جائے گا اور معاملے کی تحقیقات کے لئے اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ صوبے میں آشوب چشم کی وباء اور انجکشن Avastin کے استعمال سے بعض مریضوں کی بینائی متاثر ہونے کا واقعہ پر وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے انکوائری رپورٹ آنے تک انجکشن کی فروخت روکنے اور سٹاک کو مارکیٹ سے اٹھانے کا حکم دے دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب حکومت متاثرہ افراد کو فری علاج معالجہ فراہم کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے جن شہروں میں مریضوں کی بینائی متاثر ہوئی ہے وہاں کے ڈرگ انسپکٹرز کے خلاف غفلت برتنے پر کارروائی اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو متعلقہ کلینکس کی جانچ پڑتال کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت پر آشوب چشم کی وباء کے سدباب کے لئے اقدامات اور ہسپتالوں میں علاج کے لئے تربیت یافتہ ڈاکٹر کی موجودگی کو یقینی بنادیا گیا ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو امراض چشم کے ماہرین ڈاکٹرز نے انجکشن کے استعمال اور طریقہ کار کے بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں آشوب چشم کی وباء کی حفاظتی تدابیر اور سدباب کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری صحت نے آشوب چشم کے مرض اور انجکشن کے باعث بعض مریضوں کی بینائی متاثر ہونے کے واقعہ پر بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ آشوب چشم کا مرض قابل علاج ہے، سرکاری ہسپتالوں میں علاج کی بہترین سہولتیں میسر ہیں۔ آشوب چشم کے علاج کے لئے ادویات کی تسلی بخش مقدار موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ سکولوں اور تعلیمی اداروں میں آشوب چشم میں مبتلا بچوں کو احتیاطی تدابیر کے پیش نظر گھر واپس بھیج دیا جائے اور آفس یارش والی جگہ پر آشوب چشم کے مریضوں کو داخل نہ ہونے دیا جائے۔ آشوب چشم کا مرض قریبی روابط سے پھیلتا ہے۔ آشوب چشم کی علامات آنکھیں سرخ، پانی بہنا، سوجن، چبھن ہیں۔ آشوب چشم میں مبتلا مریض متاثرہ آنکھوں پر ہاتھ نہ لگائیں۔ غلط آئی ڈراپس اور انجکشن کے استعمال سے بینائی متاثرہ ہونے کے زیادہ کیسز لاہور، ملتان، رحیم یار خان، خانیوال، قصور اور بہاولپور میں ہوئے۔ وزیر پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر و بہبود آبادی ڈاکٹر جمال ناصر نے نگران وفاقی صحت ندیم جان سے میں ملاقات ایواسٹن (Avastin) انجکشن سے پھیلنے والی آنکھوں کی انفیکشن کے بعد حکومت پنجاب کی کاروائی، صوبہ میں ڈینگی کی صورتحال اور ادویات کی دستیابی کے متعلق آگاہ کیا۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فوری اور بروقت اقدامات کی بدولت انجکشن کے استعمال کو مکمل طور پر روک دیا گیا ہے اور انکوائری کا آغاز کر دیا گیا ہے جس میں جائزہ لیا جارہا ہے کہ کہیں مسئلہ انجکشن میں ہے یا پھر اس کی سپلائی چین میں کہیں مسئلہ ہوا ہے۔ انکوائری میں یہ بھی دیکھا جائے گا کہ کہیں انجکشن لگانے کے عمل میں تو کوئی کوتاہی نہیں ہے۔ اس واقعہ کے بارے میں حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا ہے جب تک باقاعدہ تحقیقات کے بعد اصل حقائق تک نہیں پہنچا جاتا ہے۔ لیبارٹری کے نتائج اور انکوائری رپورٹ کی روشنی میں سخت قانونی کارروائی عمل لائی جائے گی۔ وفاقی وزیر صحت کی ہدایات کے مطابق تمام صوبے صحت عامہ کے شعبہ میں اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انفیکشن کا باعث بننے والے انجکشن کے حوالے سے وفاقی وزرات صحت نے بھی تمام فوری اقدامات میں مکمل تعاون کیا ہے۔ آشوب چشم، یا گلابی آنکھ، کا انفیکشن وائرل یا بیکٹیریل انفیکشن کے ساتھ ساتھ الرجی کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے۔ آشوب چشم کی سوزش کی وجہ سے گلابی آنکھ کے طور پر جانا جاتا ہے۔ conjunctiva آشوب چشم کی بڑی وجوہات یا تو ہیں۔ بیکٹیریل، وائرل یا الرجک رد عمل۔ یہ کسی بھی عمر میں ظاہر ہوسکتا ہے اور دنیا بھر میں آشوب چشم کے 75% کیسز کے نتیجے میں 1,2 وائرل آشوب چشم کی طبی خصوصیات میں سرخی کے ساتھ ساتھ خون کی نالیوں کا جلنا، آنکھ کے علاقے سے خارج ہونا یا چھدم جھلیوں کی شمولیت

کے ساتھ درد اور فوٹوفوبیا شامل ہیں۔ یہاں تک کہ ترقی یافتہ ممالک میں وائرل آشوب چشم کے نتیجے میں زیادہ لاگت آتی ہے۔ آشوب چشم جبکہ بالغوں کو وائرل آشوب چشم کی نسبت زیادہ کثرت سے بیکٹیریل آشوب چشم ہوتا ہے۔ حالیہ برسوں میں زیادہ تر وائرس جس کے نتیجے میں آشوب چشم کی حالت ہوتی ہے وہ ایڈینو وائرس اور کوویڈ 19 چشم آشوب 10-infiltrates8-subepithelial۔ ہیں۔ بیکٹیریل آشوب چشم کی موجودگی ترقی پذیر دنیا میں 4% کے طور پر دستاویزی ہے۔ بہت سے بچوں اور بڑوں میں غیر صحت بخش طرز عمل، ماحولیاتی آمد بیکٹیریل آشوب چشم کی بڑی وجہ ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر احتیاطی تدابیر اختیار نہ کی گئیں تو وائرس کے بڑے پیمانے پر پھیلنے کا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وائرس غیر معمولی شرح سے پھیل رہا ہیاور انفیکشن نہ صرف براہ راست رابطے کے ذریعے بلکہ ہوا اور آپس میں گفتگو کے ذریعے بھی پھیلتا ہے۔ ماہر امراض چشم نے احتیاطی تدابیر کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، ''یہ وائرس آلودہ سطحوں کو چھونے، متاثرہ افراد سے قریبی رابطے اور یہاں تک کہ بات کرنے کے ذریعے بھی آسانی سے پھیل سکتا ہے۔ اپنے آپ کو بچانے کے لیے، کالے چشمے پہننے کا مشورہ دیا جاتا ہے، اپنے بستر اور برتنوں کو فوری طور پر الگ کرلیں، اور مزید منتقلی سے بچنے کے لیے انتہائی احتیاط برتیں۔ اچھی حفظان صحت پر عمل کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ ''وائرس سطحوں پر سات سے 10 دن تک برقرار رہ سکتا ہے، اور بعض اوقات تین یا چار ہفتوں تک بھی۔ اگر کوئی مریض اپنی آنکھ کی بال کو چھوتا ہے اور پھر دوسری سطحوں یا افراد سے رابطہ کرتا ہے تو اس میں منتقلی کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ ایک مریض نے اپنا تجربہ بتاتے ہوئے کہا کہ میں ایک سفر سے واپس آیا تو اچانک ایک آنکھ خراب ہوگئی اور دوسری آنکھ بھی خراب ہوگئی۔ ایک جلن ہے جسے برداشت کرنا مشکل ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ محتاط رہنے کی ضرورت ہے اور روزمرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی اپنی ذاتی اشیاء کو بھی ذمہ داری کے ساتھ استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ آشوب چشم، جسے گلابی آنکھ بھی کہا جاتا ہے، شہر اور پڑوسی شہری علاقوں میں بڑھ رہا ہے۔ اگرچہ شدید وائرل آشوب چشم کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے، لیکن اس کی زیادہ متعدی نوعیت کی وجہ سے ممکنہ کیسز کے لیے چوکس رہتے ہوئے روک تھام پر توجہ مرکوز کرنا بہت ضروری ہے۔ یہ گلابی آنکھ کا وائرس وائرل اور بیکٹیریل انفیکشن یا الرجی کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ بیکٹیریل آشوب چشم، جو کہ بالغوں کی نسبت سکول جانے والے بچوں میں زیادہ عام ہے، دسمبر سے اپریل تک ہونے کے لیے جانا جاتا ہے۔ بیکٹیریل آشوب چشم کی علامات میں آنکھوں میں لالی، لکیریں، سوجن، خارش، یا جلن شامل ہیں۔ بیکٹیریل کیسز میں آنکھ سے پیپ کا اخراج اور پھاڑنا بھی شامل ہوسکتا ہے، جس کی وجہ سے پلکیں آپس میں چپک جاتی ہیں۔ بعض صورتوں میں، بیکٹیریل آشوب چشم کان کے انفیکشن کے ساتھ مل سکتا ہے۔ دوسری طرف، وائرل آشوب چشم سردی، فلو، یا سانس کے انفیکشن کی علامات کے ساتھ ظاہر ہوسکتا ہے۔ یہ عام طور پر ایک آنکھ سے شروع ہوتا ہے اور چند دنوں میں دوسری آنکھ میں پھیل سکتا ہے۔ اس کے ساتھ الرجی کی دیگر علامات بھی ہوسکتی ہیں، بشمول ناک، گلے میں خارش، چھینک آنا، اور یہاں تک کہ دمہ۔ وائرل اور بیکٹیریل آشوب چشم دونوں انتہائی متعدی اور آسانی سے پھیلنے والے ہیں۔ اچھی حفظان صحت انفیکشن اور اس کے پھیلاؤ کے خطرے کو نمایاں طور پر کم کرسکتی ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے کم از کم 20 سیکنڈ تک اچھی طرح دھوئیں اور ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں۔ متاثرہ افراد کو آئی ڈراپس لگانے کے فوراً بعد ہاتھ دھونا بہت ضروری ہے۔ مریض کو صحت یاب ہونے میں ایک سے دو ہفتے لگ سکتے ہیں۔ ''ایک وائرل آشوب چشم کارنیا پر نشان چھوڑتا ہے جس کے ٹھیک ہونے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے،'' یہ جراثیم بہت گرم اور بہت سرد موسم میں زندہ نہیں رہ سکتے اور انتہائی مرطوب حالات میں پروان چڑھتے ہیں۔ سینئر ماہرین امراض چشم نے آنکھوں کی انتہائی متعدی بیماری کے پھیلاؤ کو موسمی حالات سے جوڑ دیا جس سے ایسا لگتا ہے کہ ہوا کے معیار، ہاتھوں کی ناقص صفائی، ہجوم ہاؤسنگ سسٹم اور گنجان آباد شہر میں گندے حالات ہیں۔ انتہائی متعدی بیماری نے نوجوان بالغوں اور بچوں کو زیادہ متاثر کیا ہے۔ ''شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں سماجی تعامل کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ ہاتھوں کی ناقص حفظان صحت کو برقرار رکھتے ہیں۔''

### بقیہ 1

ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ " خواتین پر تشدد اب نہیں " پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، ممکنہ تشدد کی شکار خواتین اطلاع کے لئے 1737 پر اطلاع کرسکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خواتین کے خلاف تشدد کے واقعات کے سدباب کے لئے کمیٹی قائم کی گئی ہے جس کے چیئرمین ڈپٹی کمشنر ہونگے جبکہ کمیٹی میں سی پی او، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، لوکل گورنمنٹ، ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کی نمائندگی کے علاوہ غیر سرکاری ممبران بھی شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تشدد کی شکار خواتین کو ریلیف کی فراہمی کے لئے قائم کئے گئے تحفظ سنٹر کی اب تک کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور کہا کہ متاثرہ خواتین کو ریسکیو کرکے قانونی امداد و رہنمائی کی فراہمی کے لئے موثر لائحہ عمل وضع کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیس، ہیلتھ اتھارٹی، سوشل ویلفیئر کو فوکل پرسن نامزد کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ خواتین تحفظ مرکز کی انتظامیہ سے قریبی رابطہ رکھا جائے۔ انہوں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس سے کہا کہ وہ وومن سنٹر کا وزٹ کرکے یونین کونسل کے دفتر کو سنٹر کی عمارت سے منتقل کرائیں جبکہ متاثرہ خواتین کو ریسکیو کرنے کے لئے خواتین پولیس کی بھی معاونت یقینی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کمیٹی کے ارکان این جی اوز کے نمائندوں کو عوامی آگاہی مہم چلانے کی تاکید کی اور کہا کہ آئندہ اجلاس میں مجموعی پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا۔

### بقیہ 2

اور ہاشم رضا اکبری گیٹ تعینات کردیا گیا۔

### بقیہ 3

کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ بجلی کے بلوں میں نیلم جہلم سرچارج اور پی ٹی وی فیس کسی قانونی جواز کیبغیر وصول کی جارہی ہے، دو دہائیوں سے نیلم جہلم سرچارج کا عوام الناس کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا، شہریوں کی اکثریتی آبادی نے کبھی پی ٹی وی کی نشریات نہیں دیکھیں، واپڈا کا کام بجلی کی ترسیل اور اسی نوعیت کے انتظامی امور سنبھالنا ہے، واپڈا یا بجلی سپلائی کمپنیاں ٹیکسز لگانے اور وصولی کا قانونی اختیار نہیں رکھتیں، متعدد ٹیکسز کینام پر بجلی کیبلوں میں ہزاروں روپے کا ٹیکس عائد کیا جارہا ہے۔ استدعا ہے کہ عدالت بجلی بلوں میں عائد ٹیکسز کو نیلم جہلم سرچارج اور پی ٹی وی فیس کالعدم قرار دے۔

### بقیہ 4

پرزور دیا کہ چین کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ دوستی کو سیاسی وابستگیوں اور معاشرے سے بالاتر ہو کر حمایت حاصل ہے۔ سینئر ماہرین تعلیم، محققین، تاجروں اور انتظامی افسران پر مشتمل اس گروپ کی قیادت یونیورسٹی آف گوادر (یو جی) کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ وہ چینی وزارت خارجہ کی دعوت پر 10 ستمبر کو چین کے دس روزہ دورے پر روانہ ہوئے تھے۔ گوادر پرو کے مطابق بیجنگ میں وفد نے چینی وزارت خارجہ کے ایشیائی امور کے شعبے کے ڈائریکٹر جنرل لیوجن سونگ سے ملاقات کی۔ لیو نے کہا کہ ایک دہائی قبل پاک چین اقتصادی راہداری ( سی پیک ) کے آغاز کے بعد سے مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں گوادر میں بنیادی ڈھانچے کے بڑے منصوبے شروع ہوئے ہیں جن میں بندرگاہیں، ہوائی اڈے، سڑکیں، ہسپتال اور ڈی سیلینیشن پلانٹ شامل ہیں جس سے مقامی آبادی مستفید ہورہی ہے۔

### بقیہ 5

اور گورنمنٹ سٹی مسلم ہائیر سیکنڈری سکول امین ٹاؤن میں گئے اور طلباء و طالبات، ٹیچنگ و نان ٹیچنگ سٹاف کی حاضری چیک کی۔ انہوں نے سکولوں میں انسداد ڈینگی اقدامات، صفائی ستھرائی، نظم و ضبط کا جائزہ لیتے ہوئے سائنس لیبارٹریز بھی دیکھیں۔ انہوں نے سکولز کے انتظامی امور کو بہتر سے بہتر بنانے اور انرولمنٹ مہم کا جائزہ لینے کے علاوہ مالیاتی امور کو شفاف رکھنے کی تاکید کی۔ انہوں نے کلاس رومز میں ٹائم ٹیبل، سلیبس کیلنڈرز اور ٹیچر ڈائریاں کو بھی چیک کیا۔ ڈی پی آئی پنجاب نے سکیورٹی میں غفلت اور نااہلی پر ایک گارڈ، ایک ٹیچر کو دوران کلاس موبائل استعمال کرنے اور ایک کو ناقص کارکردگی پر جواب طلبی کی وضاحت کے لئے ہیڈ کوارٹر طلب کرلیا۔ انہوں نے ایجوکیشن افسران کو سکولوں کے باقاعدگی سے وزٹس کرکے انتظامی و تدریسی امور کا جائزہ لینے کی تاکید کی اور کہا کہ معیار تعلیم کو بلند کیا جائے۔

### بقیہ 6

کئے گئے ناجائز ریمپ کو بھی مسمار کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے ملت روڈ کی انسپکشن کی تو وہاں کئی جگہوں پر دکانداروں و ریڑھی چھابڑی والوں نے گزرگاہوں پر قبضہ کرکے شہریوں کی آمدورفت میں مشکلات پیدا کررکھی تھیں جن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تجاوزات کا خاتمہ کرکے سرکاری جگہ اور عوامی راستوں کو خالی کرالیا گیا اور باربار تجاوزات قائم کرنے والے بیس دکانداروں کے چالان کرکے سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کو بھجوا دیئے گئے۔ ایک دوسری کارروائی میں اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے ایف ڈی اے سٹی میں غیرقانونی ریمپ کو مسمار کردیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، عوامی راستوں اور دیگر سرکاری جگہوں پر تجاوزات سے اجتناب کیا جائے بصورت دیگر آپریشن کے دوران تجاوزات میں استعمال ہونے والا سامان اٹھا کر بحق سرکار ضبط کرلیا جائیگا اور قصورواروں کیخلاف چالان کئے جائینگے۔ تجاوزات سے باز نہ آنے یا پختہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف مقدمات بھی درج کرائے جاسکتے ہیں۔

### بقیہ 7

ہوا جبکہ 2018 کی نسبت 50لاکھ 39 ہزار 670 مرد ووٹرز بڑھے۔ پنجاب کے 41 اضلاع میں سے سب زیادہ ووٹرز کی تعداد ضلع لاہور کی ہے، لاہور میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 67لاکھ 24ہزار 633 ہے، لاہور کی کل آبادی 1 کروڑ 20لاکھ 8ہزار 387 ہے، لاہور میں مرد ووٹرز کی تعداد 35لاکھ 78ہزار 725 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 31لاکھ 45ہزار 908 ہے۔ پنجاب میں سب سے کم ووٹرز ڈسٹرکٹ مری کے ہیں، ڈسٹرکٹ مری میں رجسٹرڈ ووٹرز کی کل تعداد 2لاکھ 90ہزار 931 ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ آئندہ عام انتخابات مذکورہ ووٹرز لسٹوں پر ہی ہوں گے، ووٹر لسٹوں میں کوئی ردوبدل نہیں کیا جاسکے گا۔

### بقیہ 8

، ان اقدامات کی بدولت ہم 2030 تک ہیپاٹائٹس، جو عوام الناس کی صحت کے لئے ایک خطرہ ہے ، کا خاتمہ کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار سفیر پاکستان نے ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے لیے اقوام متحدہ کے گروپ آف فرینڈز کے دوسرے اجلاس میں خطاب کے دوران کیا۔ یہ اجلاس نیویارک کے ییل کلب میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مصر کے وزیر صحت ڈاکٹر خالد عبدالغفار، گھانا کے صدر کے مشیر صحت ڈاکٹر انتھونی نسیا آسارے، وزیر صحت صومالیہ ڈاکٹر علی حاجی ایڈم، پرتگال کے وزیر صحت مینوئل پیزارو، وزیر صحت نیوگنڈا ڈاکٹر جین روتھ ایسنگ اوسیرو، عالمی ماہرین صحت، ڈبلیو ایچ او کے حکام، رکن ممالک کے متعدد سفرا اور دیگر موجود تھے۔ پاکستانی سفیر نے اجلاس کے انعقاد پر اقوام متحدہ کے گروپ آف فرینڈز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گروپ آف فرینڈز کے اغراض و مقاصد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78ویں اجلاس کے موضوعات سے ہم آہنگ ہیں جو 2030 کے ایجنڈے اور دیرپا ترقیاتی اہداف کے حصول کے حوالے سے پیش رفت میں تیزی لانے کیلئے عالمی طور پر یکجہتی کو ابھارنے اور اعتماد سازی پر مرکوز ہیں۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ ایجنڈے کا مقصد مشترکہ امن، خوشحالی، ترقی اور پائیداری ہے۔ ہیپاٹائٹس سی وائرس کی دریافت پر طب کا نوبل انعام جیتنے والے ڈاکٹر ہاروی آلٹر نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں تقریبا 12 ملین افراد ہیپاٹائٹس بی اور سی سے متاثر ہیں اور ہرسال 150000 نئے کیسز سامنے آتے ہیں۔ مرض کی وجوہات میں خون کی غیر محفوظ منتقلی، غیر صحت بخش دانتوں کے علاج اور سرنجوں کا دوبارہ استعمال شامل ہے۔

### بقیہ 9

پر کیس، یہ جیل کی سہولتوں والا کیس نہیں۔ شاہ خاور ایڈووکیٹ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت ٹرائل ہو رہا ہے، چاہتا ہوں پٹیشنر کے وکیل دلائل دے دیں تو عدالت کے سامنے کچھ معروضات رکھوں۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ اس بات سے انکار نہیں کہ ٹرائل آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت ہو رہا ہے، اس کیس کے جیل ٹرائل کی وجہ سیکیورٹی خدشات بتائے گئے ہیں، اگر عدالت سمجھے تو عدالت سے غیرضروری افراد کو باہر نکالا جاسکتا ہے۔ شاہ خاور نے استدعا کی کہ یہ دلائل کرلیں، جب میں دلائل دوں تو ان کیمرا پروسیڈنگ کرلیں۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ کیس کا ریکارڈ دیکھ لوں پھر طے کریں گے کہ اس کو کس طرح لے کر چلنا ہے، میں ریکارڈ دیکھ کر آرڈر پاس کروں گا کہ کرنا کیا ہے۔ شیر افضل مروت ایڈووکیٹ نے کہا کہ پوری قوم کی نظریں اس ضمانت کی درخواست پر لگی ہوئی ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ اب تو عدالتی ساعتوں کی لائیو اسٹریمنگ ہوا کرے گی، لائیو اسٹریم ہوگا تو عدالتی کارروائی پوری دنیا دیکھے گی، چیف جسٹس کے طور پر یہ عمل میری عدالت سے شروع ہوگا، ہمیں تو اس کے مطابق اپنی تیاری رکھنی چاہیے۔

### بقیہ 10

نثار کے پاسپورٹ، شناختی کارڈ اور بینک اکائنٹس بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت عالیہ نے پیش نا ہونے پر سیکریٹری فارن افیئرز کو بھی شوکاز نوٹس جاری کردیا۔ چیف سیکریٹری سندھ، سیکریٹری لیبر، سیکریٹری انڈسٹریز، وفاقی ایڈیشنل سیکریٹری، نمائندہ فاران آفس، ڈی آئی جی ساتھ اسدرضا سمیت دیگر پولیس حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ بیرون ملک مفرور ملزمان کی وطن واپسی کی کوششیں نا کرنے پر عدالت نے اظہار برہمی کیا۔ وزارت داخلہ نے جواب میں کہا کہ وفاقی حکومت صوبائی حکومت کی درخواست پر ریڈ نوٹس جاری کرنے کا پروسیس کرتی ہے۔ سانحہ بلدیہ کیس میں سندھ حکومت کی درخواست پر 26 جنوری 2017 کو حماد صدیقی کا ریڈ وارنٹ جاری کیا گیا تھا۔ ریڈ وارنٹ 5 سال کی مدت مکمل ہونے پر ختم ہوگیا تھا۔ ریڈ وارنٹ میں یکم ستمبر 2021 کو 5 سال کی توسیع کردی گئی تھی جواب بھی فعال ہے۔ حماد صدیقی کی گرفتاری کیلئے 16 ستمبر 2023 کو یو اے ای سمیت تمام ممالک کو خط لکھ دیا گیا ہے۔ ابو ظہبی حکومت نے بتایا کہ حماد صدیقی 2017 میں ابو ظہبی چھوڑ چکا ہے۔ انٹرپول کے ذریعے حماد صدیقی کو گرفتار کرنے کیلئے اقدامات شروع کردیئے ہیں۔ وفاقی سیکریٹری داخلہ نے بتایا کہ خرم نثار سویڈش نیشنل ہے اور سویڈن کے ساتھ پاکستان کا قیدیوں کی حوالگی کا معاہدہ نہیں ہے۔ پاکستان کا 92 ممالک کے ساتھ قیدیوں کی حوالگی کا معاہدہ ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کیا ملزم خرم نثار دوہری شہریت رکھتا ہے۔ جسٹس کے کے آغا نے ریمارکس دیئے کہ سویڈن کی حکومت کو بتانا ہوگا کہ اس کے شہری نے پاکستان میں پولیس اہلکار کا قتل کیا ہے۔ وہ دہری شہریت رکھتا ہے تو سویڈن کے قانون کے تحت بھی اس کا ٹرائل ہوسکتا ہے۔ سویڈن حکومت کا مجسٹریٹ گواہوں کے بیانات قلم بند کرسکتا ہے۔ قتل پاکستانی حدود میں ہوا ہے۔ ملزم تقی حیدر شاہ اور خرم نثار کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بھی بلاک نا کرنے پر عدالت نے اظہار برہمی کیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیوں ابھی تک دونوں مفرور ملزمان کے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بلاک نہیں ہوئے؟ وفاقی ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ نے بتایا کہ محکمہ داخلہ سندھ جب دونوں مفرور ملزمان کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کرنے کا کہا جائیگا تو بلاک کردیں گے۔

### بقیہ 11

آرٹس کونسل فیصل آباد ڈویژن کے زیراہتمام خطاط حضرات کے تیار کردہ فنپارے دیکھتے ہوئے کہی۔ کمشنر نے ملک بھر سے آئے ہوئے خطاط حضرات کے ہاتھ سے تیار کردہ فنپارے دیکھے اور ان میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے کہا کہ ربیع الاول کے مقدس مہینہ میں اس نمائش کی شان میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے جسے تسلسل کے ساتھ جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نمائش کی بدولت ابھرتے ہوئے خطاط کی حوصلہ افزائی کے علاوہ انہیں اپنے سینئرز کے کام کو دیکھ کر مزید سیکھنے کے مواقع میسر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے طالب علموں کو بھی دورہ کرایا جائے اور انہیں قرآنی خطاطی سے روشناس کرائیں۔ انہوں نے خطاطوں کے خوبصورت انداز اور رنگوں سے قرآنی الفاظ کو اجاگر کرنے کے فن کو بے حد داد دی۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل نے بتایا کہ مختلف رسم الخط اور رنگوں سے قرآنی خطاطی کے نمونے اس فن کی ترویج و ترقی کا ذریعہ ہیں جس میں خطاط بڑی دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خطاطی کے فنپارے 6، اکتوبر تک آویزاں رہیں گے۔

### بقیہ 12

موقف اختیار کیا گیا کہ آنکھوں کی بیماری کے علاج کے لیے غیر معیاری انجکشن لگائے جارہے ہیں جس کے باعث 14 افراد آنکھوں کی بینائی سے محروم ہوئے۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدالت غیر معیاری انجکشن کا استعمال روکنے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا حکم دے۔ واضح رہے کہ نگراں وزیر اعلی پنجاب نے انجکشن سے بینائی متاثر ہونے والے افراد کا مفت علاج کروانے کا حکم دیا ہے۔ لاہور میں آنکھوں کے انجکشن سے بینائی جانے کا اسکینڈل سامنے آنے پر انجکشن بنانے والوں کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کی جاچکی ہے۔ جن شہروں میں مریضوں کی بینائی متاثر ہوئی ہے محسن نقوی نے وہاں کے ڈرگ انسپکٹرز کے خلاف غفلت برتنے پر کارروائی اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو متعلقہ کلینکس کی جانچ پڑتال کا حکم دیا ہے۔

### بقیہ 13

انسداد دہشت گردی عدالت کا مصدقہ فیصلہ موصول ہوتے ہی درخواست دار کردی جائے گی۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے صنم جاوید اور روبینہ جمیل سمیت 9 ملزمان کی ضمانت منظور کرلی تھی

### بقیہ 14

نے محمد خان بھٹی اور سہیل اصغر اعوان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 9 اکتوبر تک توسیع کردی ۔ملزمان کو نیب نے کک بیکس اور کمیشن سمیت دیگر تحقیقات کے لیے گرفتار کیا تھا۔

### بقیہ 15

ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کی موٹر سائیکلوں کو بند کرنے اور مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف غفلت و لاپرواہی کی دفعات کے تحت مقدمات کا بھی حکم دیا۔ مستنصر فیروز نے کہا کہ کوئی بھی سرکاری و نیم سرکاری ادارے کا اہلکار پابندی سے مستثنیٰ نہیں۔ شاہدرہ، جی ٹی روڈ، برکی روڈ، بیدیاں روڈ، رائے ونڈ روڈ، روہی نالہ فیروز پور روڈ پر ناکہ بندی ہوگی ، ملتان روڈ، علامہ اقبال روڈ، خیابان جناح روڈ، پیکو روڈ سمیت ریموٹ ایریاز میں بھی ناکہ بندی ہوگی۔ سی ٹی او مستنصر فیروز نے شہر لاہور کو ایکسڈنٹ فری سٹی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قیمتی جانوں کے تحفظ کے پیش نظر سخت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، اڑھائی ماہ کے دوران 10 لاکھ 29 ہزار بغیر ہیلمٹ موٹرسائیکلسٹ کے خلاف کارروائی کی گئی، بغیر ہیلمٹ موٹرسائیکل سواروں کیخلاف کریک سے 35 فیصد مہلک حادثات میں کمی آئی، سخت کریک ڈاؤن سے مزید ہیڈ انجری کیسز میں نمایاں کمی ہوگی، بغیر ہیلمٹ موٹرسائیکل سواروں کیخلاف کریک ڈاؤن پر ڈاکٹرز کا اظہار تشکر کیا۔ مال روڈ پر 95 فیصد شہریوں نے ہیلمٹ کی پاسداری کرنا خوش آئند ہے۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ ہیلمٹ ہاتھ میں پکڑنے، ٹینکی پر رکھنے پر بھی کارروائی ہوگی، موٹر سائیکل چلانی ہے تو ہیلمٹ پہننا لازمی ہوگا، ہیلمٹ قوانین پر سختی کروانے سے قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے، کریک ڈاؤن کا مقصد قیمتی جانوں کو محفوظ بنانا ہے۔

### بقیہ 16

ل 4،4 شیخوپورہ میں 2، چکوال اور اوکاڑہ میں ڈینگی کا ایک ،ایک نیا مریض سامنے آیا۔ پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 135 مریض زیرعلاج ہیں۔

### بقیہ 17

مقرر کی گئی۔ اسی طرح چنا سیاہ موٹا 204 روپے اور 214 روپے فی کلوگرام، چنا سیاہ باریک 187 روپے اور 198 روپے، دال چنا (موٹی) 201 روپے اور 214 روپے، دال چنا (باریک) 188 روپے اور 202 روپے فی کلوگرام، دال مونگ کوری (بغیر دھلی) 229 روپے اور 240 روپے، دال ماش دھلی ہوئی 510 روپے اور 520 روپے فی کلوگرام، دال ماش بغیر دھلی 460 روپے اور 470 روپے فی کلوگرام، دال مسور موٹی 280 روپے اور 290 روپے فی کلوگرام، دال مسور (باریک) 325 روپے اور 335 روپے فی کلوگرام، بیسن 194 روپے اور 204 روپے فی کلوگرام، چاول باسمتی سپر کرنل (نیا) 305 روپے اور 315 روپے فی کلو گرام، چاول اری تھوک میں 139 روپے اور پرچون میں 144 روپے فی کلوگرام کے حساب سے فروخت ہوگا۔ دودھ تحصیل سٹی 140 روپے فی کلوگرام، باقی تحصیلوں میں 130 روپے فی کلوگرام، دہی تحصیل سٹی 150 روپے، باقی تحصیلوں میں 140 روپے، گوشت چھوٹا تحصیل سٹی میں 1400 روپے، باقی تحصیلوں میں 1300 روپے گوشت بڑا تحصیل سٹی 700 روپے فی کلوگرام جبکہ باقی تحصیلوں میں 650 کے حساب سے فروخت ہوگا۔ روٹی سوگرام وزنی 15 روپے، روٹی خمیری 18 روپے، نان سادہ کی قیمت 20 روپے ہوگی۔ پھلوں، سبزیوں اور چکن کے نرخ روزانہ کی بنیاد پر مقرر کئے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے تاجروں و دکانداروں سے کہا ہے کہ گرانفروشی سے گریز اور صارفین کو کنٹرول قیمتوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے کہا کہ وہ اشیاء کی نرخناموں کے مطابق مقررہ قیمتوں پر عملدرآمد کرائیں اور گرانفروشوں کے خلاف ان کی کارروائیوں سے صارفین کو ریلیف ملنا چاہیے۔

### بقیہ 18

میاں احمد نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے طلاق لینکی رنجش پر اہلیہ کو قتل کیا، اس سے پستول بھی برآمد ہوئی۔ اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج فرخ فرید نے مجرم کو سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانے کا حکم دیا۔ سیشن عدالت نے مجرم کو غیرقانونی اسلحہ کیس میں بھی 5 سال قید کی سزا سنائی۔ مجرم سکندر خان نے 2 سال قبل اپنی اہلیہ کو فائرنگ کرکے قتل کیا تھا اور اس کے خلاف مقدمہ تھانہ کھنہ میں درج کیا گیا تھا۔

### بقیہ 19

کے معاون پیش ہوئے جن کی جانب سے ساعت ملتوی کرنے سے متعلق درخواست دائر کی گئی۔ پراسیکیوٹر رضوان عباسی کے معاون نے عدالت سے استدعا کی کہ پراسیکیوٹر رضوان عباسی سپریم کورٹ میں مصروفیت کے باعث عدالت میں پیش نہیں ہو سکتے۔ دوسری جانب ساعت کے دوران سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل کا خط بھی سول جج قدرت اللہ کو موصول ہوگیا۔ سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل نے خط کے ذریعے چیئرمین پی ٹی آئی کو عدالت میں لانے سے معذرت کرلی۔ سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل کا عدالت کو لکھے گئے خط میں کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو سیکیورٹی وجوہات کے باعث عدالت نہیں لاسکتے۔

### بقیہ 20

سکھ رہنما ہردیپ سنگھ کے قتل کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ سکھ برادری نے بھارتیوں کے سکھوں پر دنیا بھر میں جاری مظالم کو اجاگر کرتے ہوئے شدید احتجاج کیا۔ سکھ رہنماں کا کہنا تھا کہ کینیڈا میں ہمارے بھائی ہردیپ سنگھ نجر کو بےدردی سے قتل کیا جس کی بلوچستان کی سکھ کمیونٹی اور اقلیتی برادری شدید مذمت کرتی ہے۔ سکھ مظاہرین نے کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو سے ہردیپ سنگھ کے قاتلوں کو جلد سے جلد گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔

### بقیہ 21

بروقت اور فوری انصاف کے لئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دے۔ عدالت میں ڈپٹی سیکرٹری ہوم پیش ہوئے ۔عدالت نے آئندہ ساعت پر چیف سیکرٹری پنجاب کو طلب کرتے ہوئے سماعت کل (بدھ) 27 ستمبر تک ملتوی کردی

### بقیہ 22

فارسیل ادویات بھی برآمد کرلیں، انتظامیہ کے مطابق ایمبولینس ضلع ننکانہ کی ہے، استغاثہ جمع کروا دیا سمندری۔ ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر غلام مرتضی کی کاروائیسرکاری ایمبولینس سے سرکاری ادویات اور چائے کے ڈبے برآمد سرکاری ایمبولینس پر عملہ چائے کے ڈبے فروخت کررہا تھا۔ دوران چیکنگ ایمبولینس سے سرکاری ادویات بھی برآمد ہوئیں۔ ایمبولینس قبضہ میں لے کر دوافراد کو حراست میں لے لیا۔ محتشم علی سکنہ ننکانہ، محمد یوسف گرفتار فیصل آباد: پکڑی گئی ایمبولینس ضلع ننکانہ کی ہے۔ استغاثہ جمع کروا دیا قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

### بقیہ 23

روپے کی خریداری کی جو گزشتہ سال اگست کے مقابلہ میں 33.3 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ سال اگست میں کریڈٹ کارڈ کے ذریعے صارفین نے 77 ارب روپے کی خریداری کی گئی۔ جولائی کے مقابلہ میں اگست میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری کے رجحان میں 5.2 فیصد کی شرح سے نمو ہوئی۔ جولائی میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے 98 ارب روپے کی خریداری کی جو اگست میں بڑھ کر 103 ارب روپے ہوگئی۔

### بقیہ 24

فیصل آباد اور ساجد اقبال سندھو سی ای او گرین سرکل ڈائریکٹر جنرل ایگری ٹورزم نے خطاب کیا۔ ٹریننگ سیشن میں پانچ مختلف ٹرینرز نے طالبات کو پروڈکٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مختلف امور سے آگاہ کیا ٹرینرز میں میاں کامران شریف تبانہ نازفریحہ شاہد مائرہ عبدالرزاق ارحم رؤف اور مہرین عباس شامل تھے۔ ٹریننگ اور سیمینار کا مقصد خواتین کی ذہنی اور جسمانی صحت سے متعلق مسائل سے آگاہی ذاتی کاروبار کرنے پر آمادگی اور فوڈ ڈویلپمنٹ سے متعلقہ کاروبار کے مختلف مواقع سے آگاہ کرنا تھا۔ تمام فیکلٹی کوارڈینیٹر مختلف شعبہ جات کی صدور اور شعبہ فوڈ اینڈ ٹیکنالوجی کی تمام طالبات نے ٹریننگ اور سیمینار میں شرکت کی۔

### بقیہ 25

، ملاوی، موزمبیق اور کانگو سے آنے والے مسافروں کے لیے پولیو قطرے لازمی قرار دیے ہیں۔

### بقیہ 26

جارہی ہے جو فضل رسول، سجاد گل، محمد حفیظ، محمد عاصم، وقار خان، محمد حسن، محمد سرفراز، رضوان احمد، سابقہ سیکرٹری و مالک میٹر خالد جاوید بجلی چوری کررہے تھے۔ مزید پتہ چلا کہ سابق سیکرٹری کالونی قمر اکرام، ایگزیکٹو ممبر کالونی سلمان چیمہ، الیکٹرک سپروائزر طاہر و انتظامیہ ٹی اینڈ ٹی کالونی اس تھری فیز میٹر کی ڈی بلاک کمرشل مارکیٹ سے جے بلاک اور کئی بلڈنگز پر غیر قانونی شفٹنگ و تنصیب میں ملوث ہیں۔ علاوہ وازیں چھ صارفین جو ایچ اور کے بلاک کے رہائشی ہیں بجلی چوری میں ملوث تھے جو گھر بند کرکے موقع سے فرار ہوگئے۔ ایس ڈی او گارڈن کالونی سب ڈویژن میاں سنیل اسلم کی مدعیت میں پولیس تھانہ صدر نے مذکورہ 12 نامزد ملزمان، ٹی اینڈ ٹی کالونی کی انتظامیہ اور 6 نامعلوم ملزمان کے خلاف الیکٹریسٹی ایکٹ کی دفعہ کے 462 کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔

### بقیہ 27

تنظیموں سے میٹنگز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی اجرت میں اضافہ نہ کرنے والے اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

### بقیہ 28

خاتون سے پرس اور موبائل فون چھینا تھا۔ ایس ایس پی کیماڑی کے مطابق گرفتار ملزمان نے خواتین اور اسکول و کالجز کی طالبات سے متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔

### بقیہ 29

وکیل میر افضل ملک نے کہا کہ معاہدہ ہونے کے بعد وزیر اعلیٰ نے زمین کی منتقلی پر بین لگا دیا۔ چیف جسٹس نے وکیل کی اردو اور انگریزی ملا کر بولنے پر بھی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ یہ بین کیا ہوتا ہے؟ اس کا ترجمہ کیا ہے؟ وکیل میر افضل ملک نے کہا کہ معاہدے کی ڈیٹ سے اب تک سہراب رنگ روڈ سے متصل زمین خالی ہے۔ اس پر قاضی فائز عیسیٰ نے وکیل سے سوال کیا کہ یہ ڈیٹ ہوتی ہے یا تاریخ؟ انہوں نے وکیل سے کہا کہ ایک زبان میں دلائل دیں، ایسے تو سمجھ ہی نہیں آتی، آپ 35 سال بعد عدالت آگئے کہ معاہدے پر عمل درآمد نہیں ہوا، یہ نہیں ہوسکتا کہ دوست حکومت یا انتظامیہ عہدوں پر آجائیں تو دعویٰ دائر کردیں۔ جس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میری باقی زمین بھی کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی لے لیکن وزیراعلیٰ نے زمین کے تبادلے پر بین عائد کر رکھا ہے۔ قاضی فائز عیسیٰ نے سوال کیا کہ وزیراعلیٰ کون ہوتے ہیں زمین منتقلی پر پابندی عائد کرنے والے؟ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی قانونی ادارہ ہے جس میں وزیراعلیٰ کا اختیار نہیں بنتا، آپ حاتم طائی مت بنیں، ایسے تو بہت سے کھاتے کھل جائیں گے۔ وکیل نے استدعا کی کہ عدالت کے سامنے حقائق پیش کرنے کا ایک اور موقع دیا جائے۔ چیف جسٹس نے وکیل کی استدعا پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ آپ کی بابت سب کو پیغام ہے کہ اب کوئی التواء یا مہلت نہیں ملے گی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اپنے ذہن سے یہ بات نکال دیں کہ اب مقدمات میں التواء ملے گا۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کے فیصلہ سنانے کے بعد ان کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے درخواست خارج کردی۔ واضح رہے کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے سہراب رنگ روڈ کے لیے درخواست گزاروں سے زمین حاصل کی تھی۔ درخواست گزار نے رنگ روڈ سے بچ جانے والی زمین کے استعمال نہ ہونے پر عدالت سے رجوع کیا تھا۔

### بقیہ 30

ہے۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ایک پوسٹ میں سیالکوٹ پولیس نے کہا کہ صحافی اینکر پرسن عمران ریاض خان کو بحفاظت بازیاب کرالیا گیا ہے، اب وہ اپنے گھر پہنچ چکے ہیں اور اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بھی تصدیق کی ہے کہ 4 ماہ سے زائد عرصے سے لاپتا صحافی و اینکر پرسن عمران ریاض خان بحفاظت بازیاب ہوگئے ہیں اور اپنے گھر پہنچ چکے ہیں۔ وکیل میاں علی اشفاق نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ اللہ کے خاص فضل، کرم و رحمت سے اپنے شہزادے کو پھر لے آیا ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ مشکلات کے انبار، معاملہ فہمی کی آخری حد، کمزور عدلیہ و موجودہ غیرموثر سرعام آئینی و قانونی بےبسی کی وجہ سے بہت زیادہ وقت لگا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ ناقابل بیان حالات کے باوجود اللہ رب العزت نے یہ بہترین دن دکھایا، اس وقت صرف بے پناہ شکر۔ رہنما پی ٹی آئی حماد اظہر نے کہا کہ الحمدللہ، عمران ریاض خان کی گھر واپسی پر پوری قوم میں خوشی کی لہر ہے، یہ لاکھوں دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ خیال رہے کہ رواں برس 9 مئی کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کی گرفتاری پر ملک بھر میں پرتشدد مظاہروں کے 2 روز بعد صحافی عمران ریاض کو بھی گرفتار کرلیا گیا تھا۔ گرفتاری کے بعد عمران ریاض کو آخری بار تھانہ کینٹ اور بعدازاں سیالکوٹ جیل لے جایا گیا تھا، انتظامیہ کی جانب سے 15 مئی کو عدالت کو بتایا گیا تھا کہ اینکر پرسن کو تحریری حلف نامے کے بعد جیل سے رہا کیا گیا تھا، تاہم تاحال ان کا کچھ پتا نہیں چل سکا۔ بعدازاں اینکر پرسن کے والد محمد ریاض کی شکایت پر 16 مئی کو سیالکوٹ سول لائنز پولیس میں ریاض کے مبینہ اغوا کی فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) درج کی گئی تھی۔ ایف آئی آر، تعزیرات پاکستان کی دفعہ 365 کے تحت نامعلوم افراد اور پولیس اہلکاروں کے خلاف مبینہ طور پر عمران ریاض کو اغوا کرنے کے خلاف درج کی گئی تھی۔ صحافی کے والد نے بیٹے کی بازیابی کے لیے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست بھی دائر کی تھی۔ 19 مئی کو کیس کی سماعت کے دوران اینکر پرسن کے والد نے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے تھے اور اس کے اگلے روز لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے پولیس کو 22 مئی تک اینکر پرسن کو بازیاب کرکے پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس تاریخ کو لاہور ہائی کورٹ نے وزارت داخلہ اور دفاع کو ہدایت کی تھی کہ وہ اینکر پرسن کی بازیابی کے لیے اپنے آئینی فرائض ادا کریں جب آئی جی پنجاب نے انکشاف کیا تھا کہ ملک بھر کے کسی محکمہ پولیس میں صحافی کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ بعدازاں لاہور ہائی کورٹ کو بتایا گیا تھا کہ انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) اور ملٹری انٹیلی جنس (آئی بی) دونوں نے جواب دیا کہ اینکر پرسن ان کی تحویل میں نہیں ہے۔ 26 مئی کو ہائی کورٹ نے تمام ایجنسیوں کو ہدایت دی تھی کہ وہ اینکر پرسن کو تلاش کرنے اور 30 مئی تک عدالت میں پیش کرنے کے لیے مل کر کام کریں۔

### بقیہ 31

کہ چیف جسٹس کے اختیارات کی تقسیم کا قانون پریکٹس اینڈ پروسیجر کالعدم قرار دیا جائے، عدلیہ کی آزادی کے قانون میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ جواب میں کہا گیا ہے کہ پارلیمنٹ کی عدالتی معاملات میں مداخلت اختیارات کی آئینی تقسیم کی خلاف ورزی ہے، پارلیمنٹ عام قانون سازی سے آرٹیکل 184/3 کے اختیار کا طریقہ تبدیل نہیں کر سکتی، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون سے عدالتی امور کی انجام دہی تبدیل نہیں کی جاسکتی۔ درخواست گزار راجہ عامر کے وکیل خواجہ طارق رحیم نے کہا ہے کہ فل کورٹ 1980ء کے رولز میں ترمیم کرسکتی ہے، بلا شبہ پارلیمنٹ سپریم ہے، پارلیمنٹ سپریم کورٹ کے معاملات کو ریگولیٹ کرنے کی قانون سازی نہیں کر سکتی، درخواست گزاروں کے قانون چیلنج کرنے کے حق پر بھی سوال اٹھایا گیا، درخواست گزاران میں وکلاء اور صحافی ہیں، جو بنیادی حقوق کی خلاف ورزی پر قانون چیلنج کرسکتے ہیں، ہائی کورٹس سپریم کورٹ سے متعلق قانون سازی دیکھنے کا فورم نہیں۔ دوسری جانب مسلم لیگ ق نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے خلاف درخواستیں مسترد کرنے کی استدعا کردی۔ ق لیگ کی جانب سے ایڈووکیٹ زاہد ایف ابراہیم نے جواب جمع کرادیا۔

### بقیہ 32

مفت علاج کیا جائے گا۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے ایک انٹرویو میں کہا کہ یہ ایمرجنسی انجکشن نہیں ہے، یہ ملٹی نیشنل کمپنی کا بنایا ہوا ہے، جس پر پابندی لگائی گئی ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے بتایا کہ یہ انجکشن ڈریپ سے رجسٹرڈ ہے جو کینسر کے لیے استعمال ہوتا ہے، ریسرچ کے مطابق شوگر کے مریض کو یہ انجکشن کم مقدار میں لگایا جائے تو اس کی بینائی جانے سے بچ جاتی ہے۔ انہوں نے انجکشن سے متعلق معلومات شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ 28 ہزار کا انجکشن ہے اس سے 70 سے 80 وائلیں بنتی ہیں، انجکشن کا ایک وائل 1200 سے 1500 میں بیچا جاتا ہے جس سے ان کو 1 لاکھ روپے تک بچتے ہیں، جس کمپنی کا یہ انجکشن ہے وہ رجسٹرڈ ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے بتایا کہ ملتان، رحیم یار خان، صادق آباد، جھنگ، لاہور، فیصل آباد میں کیسز سامنے آئے ہیں، تحقیقات ہو رہی ہیں کہ کیا انجکشن کی پیکنگ میں کوئی مسئلہ تھا یا لاٹ خراب تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس انجکشن کو 2 سے 8 درجہ حرارت تک رکھنا پڑتا ہے، جیسے ہی اسے کو کھولا جاتا ہے، 6 گھنٹے میں استعمال کرنا ہوتا ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ جائزہ لیا جارہا ہے اس انجکشن کی دوسرے شہر منتقلی کے دوران درجہ حرارت کا خیال رکھا گیا یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجکشن کو ڈرگ ٹیسٹنگ لیب بھجوا دیا گیا ہے، رپورٹ آنے میں ہفتہ دس دن لگیں گے، کمیٹی کی حتمی رپورٹ سامنے آنے کے بعد ذمے داروں کے خلاف کارروائی ہوگی، بیچنے والا، لگانے والا، ڈسٹری بیوٹر یا کمپنی جو ذمے دار ہوگا سب کا احتساب ہوگا۔ صوبائی نگراں وزیر ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ یہ انسانی جان سے کھیلنے کے مترادف ہے کسی کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

### بقیہ 33

گے کہ کوئی مسئلہ پیدا ہو۔ پیر کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کے اجلاس میں چیئرمین حج آپریٹرز ایسوسی ایشن نے کہا کہ ہم نے سعودی عرب میں 5 سال کے رہائشی معاہدے کیے ہیں، جس ملک کو حج کوٹہ ملتا ہے اس کی مرضی ہے وہ کیسے اس کا انتظام کرتا ہے۔ نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور انیق احمد نے قائمہ کمیٹی کو بتایا کہ سعودی وزیر برائے مذہبی امور سے ملاقات کرکے صبح پاکستان آیا ہوں، سعودی حکومت نے دوٹوک فیصلہ کیا ہے کہ صرف 46 کمپنیاں ہی پاکستان سے حج آپریشن چلائیں گی۔ انیق احمد نے کہا کہ ہم نگران حکومت ہیں پتہ نہیں کب تک ہیں، ہم کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیں گے کہ کوئی مسئلہ پیدا ہو۔ سینیٹر مولانا عبدالکریم نے کہا کہ 905 کمپنیوں کو 46 کمپنیوں میں تبدیل کرنے سے مسائل تو ہوں گے، سعودی حکومت چند سال پہلے امریکا اور یورپی ممالک پر ایسی پابندی لگا کر عمل کرا چکی ہے، سعودی حکومت امریکا اور یورپی ممالک کا احتجاج مسترد کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کرتو کچھ نہیں سکتے مگر ایک سال کے لیے گنجائش کی درخواست کر سکتے ہیں، سعودی حکومت سے خط میں کہا جاسکتا ہیکہ چونکہ فیصلہ اچانک ہوا اس لیے اس پر عمل درآمد سے مشکلات پیش آئیں گی۔ سینیٹر مولانا فیض محمد نے کہا کہ اگلے سال سے نئے پلان پر عمل کی یقین دہانی کرادی جائے، ہمیں سعودی عرب کے ساتھ بات کرکے مسئلہ حل کرنا ہو گا۔ وفاقی وزیر برائے مذہبی امور نے کہا کہ سعودی عرب سے 900 حج کمپنیوں کو 46 کمپنیوں میں بدلنے کے فیصلے پر نظرثانی کا کہا مگر وہ نہیں مانے، قائمہ کمیٹی کے کہنے پر سعودی حکومت کو خط لکھ دیتے ہیں۔ سینیٹر عبدالکریم نے کہا کہ ایک مسئلہ یہ پیدا ہورہا ہیکہ یہاں کی کمپنیوں کو تو پکڑ سکتے ہیں سعودی کمپنیوں سے کیسے پوچھیں گے۔ وفاقی وزیر انیق احمد نے کہا کہ سعودی حکومت حجاج کی تعداد ایک کروڑ تک کرنے کا پلان رکھتی ہے، اس وقت روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ صرف اسلام آباد سے چل رہا ہے، سعودی حکومت نے کراچی کو اگلے حج میں روڈ ٹو مکہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام وزارت مذہبی امور نے بتایا کہ حج پالیسی 2024 جلد منظوری کے لیے کابینہ میں پیش کی جائے گی جبکہ نگران وفاقی وزیر کا کہنا تھا حج کا دورانیہ 45 روز سے کم کرنے کی تجویز ہے۔ نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور نے کہا کہ ہر حاجی کو 2 سوٹ کیس دیں گے، کیو آر کوڈ ہونے کے باعث گم ہونے کا اندیشہ نہیں ہوگا۔ انیق احمد نے بتایا کہ سعودی عرب سے واٹس ایپ کال نہیں ہو سکتی، حکومت پاکستان سم دے گی جس میں 4000 روپے سے 45 روز تک مفت ویڈیو کال ہوسکے گی جبکہ مکہ اور مدینہ میں اراضی لے کر خود تعمیرات کرنے کی تجویز ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 میں 18 سے 20 دن کے حج کا پیکیج بھی دیا جائے گا، 40 دن یا مختصر حج کا فیصلہ حجاج کرام خود کریں گے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کے چیئرمین نے کہا کہ مختصر حج کا دورانیہ 30 دن تک کیا جائے جس پر نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور نے کہا کہ اس تجویز پر غور کیا جائے گا۔

### بقیہ 34

کرلی گئی اور سیمپل ڈرگ ٹیسٹنگ لیب ارسال کردیئے گئے جبکہ محکمہ صحت نے معاملے پر غفلت برتنے پر 11 ڈرگ انسپکٹرز کو معطل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق نگراں وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس ہوا، جس میں پنجاب میں آشوب چشم کی وبا اور ایواسٹین انجکشن سے بینائی متاثر ہونے کے واقعات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آنکھ کے انجکشن سے بعض افراد کی بینائی متاثر ہونے کے واقعے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کے بعد نگراں وزیراعلی نے انکوائری رپورٹ آنے تک انجکشن کی فروخت روکنے کا حکم دے دیا۔ محسن نقوی نے انکوائری رپورٹ آنے تک انجکشن اسٹاک مارکیٹ سے اٹھانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت متاثرہ افراد کو فری علاج معالجہ فراہم کرے گی۔ اجلاس میں جن شہروں میں مریضوں کی بینائی متاثر ہوئی وہاں ڈرگ انسپکٹرز کیخلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا گیا کہ ان علاقوں کے ڈرگ انسپکٹرز کے خلاف غفلت برتنے پر کارروائی کی جائے۔ نگراں وزیراعلی نے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو متعلقہ کلینکس کی جانچ پڑتال کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ہر سطح پر آشوب چشم کی وبا کے سدباب کے لئے اقدامات یقینی بنائے جائیں اور ہسپتالوں میں علاج کے لئے تربیت یافتہ ڈاکٹر کی موجودگی یقینی بنائی جائے۔

### بقیہ 35

ہوتی۔ پلاسٹک روڈ پر لاگت بہت کم آتی ہے، اس سڑک کی تعمیر پر 6 کروڑ کی جگہ 2 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔ عام سڑک 6 کروڑ روپے کی بن رہی ہے جبکہ پلاسٹک روڈ 2 کروڑ روپے کی بنی ہے۔ جو پلاسٹک ماحولیاتی آلودگی کا باعث بن رہا تھا اسے ادھر استعمال کیا گیا ہے۔ وزیراعلی محسن نقوی کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پلاسٹک روڈ کے تعمیر میں استعمال شدہ شاپرز اور دیگر پلاسٹک استعمال ہوتا ہے۔ پلاسٹک روڈ اسفالٹ روڈ کے مقابلے میں دیرپا اور کم لاگت سے تیار ہوتی ہے۔ پلاسٹک روڈ کی دیکھ بھال کی بھی زیادہ ضرورت نہیں ہوتی۔ پلاسٹک روڈ بارش کے پانی سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہیں ہوتی۔ صوبائی وزراء اظفر علی ناصر، عامر میر ، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات ، سیکرٹری اطلاعات، یو ای ٹی لاہور کے پروفیسرز، ڈپٹی کمشنر، ڈی جی پی آر اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

### بقیہ 36

کی زیر صدارت پیر کو ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک گیر بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو پراجیکٹس فوٹو گرافی مقابلہ کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ کے سربراہ مصطفیٰ سید کے علاوہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل / پرنسپل انفارمیشن آفیسر) پی آئی او (محمد عاصم کھچی، ڈائریکٹر جنرل ایکسٹرنل پبلسٹی ونگ محترمہ عنبرین جان، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی رئیسہ عادل اور وزارت اطلاعات اور اس سے ملحقہ محکموں کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ سیکریٹری اطلاعات و نشریات ظہور احمد نے فوٹو گرافی مقابلہ شروع کرنے اور تجویز کرنے پر پاکستان چائنہ انسٹیٹیوٹ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سی پیک اور بی آر آئی منصوبوں کو اجاگر کرنے کے علاوہ یہ مقابلہ پاکستان اور چین کے درمیان قریبی اور گہرے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سی پیک اور بامقصد چین پاکستان شراکت داری کی قدر کرتا ہے جس کے تحت سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے، ریلوے اور توانائی سمیت متعدد اہم منصوبے باہمی فائدے کے لئے مکمل کئے گئے۔ سیکریٹری اطلاعات نے پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور وزارت کے متعلقہ محکموں بشمول پی ٹی وی، ریڈیو پاکستان، اے پی پی، پی آئی ڈی، ای پی ونگ، آئی پی ونگ، ڈائریکٹوریٹ آف الیکٹرانک میڈیا پبلی کیشنز اور دیگر کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ملٹی میڈیا پلیٹ فارمز پر اس تصویری مقابلے کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون کریں۔ پاکستان چائنہ انسٹیٹیوٹ کے سربراہ مصطفیٰ سید نے اجلاس کو ملک گیر تصویری مقابلے کے اغراض و مقاصد، طریقہ کار اور ٹائم لائن سے آگاہ کیا۔

### بقیہ 37

ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کی عیادت کے بعد گلبرگ میں ان کی رہائش گاہ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میں یہاں کسی بھی سیاسی ایجنڈے کے لیے نہیں اور نہ ہی ان سے سیاسی بات ہوئی ہمیں صرف چوہدری شجاعت حسین کی عیادت کرنے آیا ہوں ان کی صحت بہت بہتر ہیدعا ہے کہ اللہ تعالی ان کو جلد مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ خلیل جارج نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین ایک منجھے ہوئے اور دوراندیش بزرگ سیاستدان ہیں ملک و قوم کے لیے ان کی خدمات قابل تحسین ہیں میں ان کی بہت عزت کرتا ہوں 25 ستمبر کو ان کے والد محترم کی برسی بھی ہے، ان کے والد کی پاکستان کیلئے گرانقدر خدمات ہیں جس پر انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ )ق ( کے سربراہ نے سیاست میں ہمیشہ سیاسی عمل کو مقدم اور سیاسی کاز کو برقرار رکھا۔ اس موقع پر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ہم مشکور ہیں کہ وفاقی وزیر انسانی حقوق نے ملک اور عوام کے مسائل کی بات کی ہے ملاقات میں بھی چوہدری شجاعت حسین نے بھی عوام کو درپیش مشکلات کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری سے ملاقات میں بھی شجاعت حسین نے یہی بات کی ہے کہ ہمیں آپس کی لڑائی کی بجائے عوام کی فکر کرنی چاہئیں، اور شجاعت حسین نے ان سے بھی کہا تھا کہ میں اس حوالے سے نواز شریف سے بھی بات کروں گا، ملک و قوم کی خاطر سیاسی مفاہمت کی پالیسی کو اپنانا ہوگا، موجودہ حالات میں ملک جن نازک مراحل سے گزر رہا ہے اس میں آپس کی لڑائی سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ سالک حسین نے کہا کہ آصف زرداری سے ہونے والی ملاقات میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جس طرح انتخابات کا وقت قریب آئے گا سیاسی جماعتیں آپس میں بیٹھیں گی اور اس بارے ضرور بات کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے ابھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا لیکن امیدواروں کی پوزیشن دیکھ کر ضرور اتحاد بنائیں گے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابات کی حتمی تاریخ نہ دیئے جانے کے حوالے سے ایک اور سوال کے جواب میں کہا کہ اگر وہ تاریخ دے دیتے اور ایک دو روز اوپر نیچے ہوجاتے تو پھر نئی قیاس آرائیاں شروع ہوتیں، انہوں نے اندازاً وقت بتادیا ہے کہ جنوری کے آخر میں انتخابات ہوں گے۔

### بقیہ 38

نے سوال کیا کہ محمد ساجد ایک آنکھ سے معذور ہے، سب واضح ہے اور جب تقرری میرٹ پر کی گئی تو مسئلہ کیا ہے؟ وکیل سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے جواب دیا کہ بیان حلفی کے مطابق متاثرہ فریق کو کوئی معذوری نہیں جس پر جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ بیان حلفی میں بھی کوئی تکنیکی غلطی ہوسکتی ہے، ریکارڈ کے مطابق تقرری میرٹ پر کی گئی، انٹرویو بورڈ نے معائنہ بھی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معذور افراد کے کوٹے پر ان کی حق تلفی نہیں ہونی چاہیے، دو اداروں نے انہیں معذور قرار دیا ہے۔ یادر ہے کہ محمد ساجد کو سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پشاور میں سیکشن آفیسر تعینات کیا گیا تھا۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے اس تعیناتی کے خلاف عدالت سے رجوع کر رکھا ہے۔

### بقیہ 39

جنوبی پنجاب (، ایڈیشنل چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری) داخلہ (، محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ڈائریکٹر جنرلز نے شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود محکموں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زیرالتوا انکوائریز، پنشن کیسز کو جلدازجلد نمٹایا جائے، زیرالتوا انکوائریز کے باعث سرکاری ملازمین کو محکمانہ ترقی سے محروم رکھنے سے انکی حق تلفی ہوتی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے سرکاری افسران اپنے فرائض بلاخوف و خطر سرانجام دیں، کام نہ کرنے والے افسران کو عہدے پر رہنے کا کوئی حق نہیں۔ چیف سیکرٹری نے مفاد عامہ کے ترقیاتی منصوبوں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کرنے سے متعلق بھی احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکمہ ترقیاتی منصوبہ میں تاخیر کیلئے جوابدہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں کی ترقیاتی سکیموں پر خصوصی توجہ دی جائے۔

### بقیہ 40

دیگر ملزمان کی ضمانتیں منظور کرنے کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کرے گی۔ اس سلسلے میں درخواست کی تیاری پر مشاورت جاری ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کا مصدقہ فیصلہ موصول ہوتے ہی درخواست دار کردی جائے گی۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے صنم جاوید اور روبینہ جمیل سمیت 9 ملزمان کی ضمانت منظور کرلی تھی۔

### بقیہ 41

زخمی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق اس حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 7 ہوگئی ہے۔ یادرہے کہ 4 روز قبل دکان میں گیس سلنڈر پھٹنے سے 7 افراد زخمی ہوئے تھے، حادثے کے تمام زخمی یکے بعد دیگرے چل بسے۔

### بقیہ 42

لانے کا ٹاسک دے دیا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ )ن( کی قیادت کو نواز شریف کے استقبال کے لئے 10 لاکھ کارکنان کی آمد کی امید ہے، چیف آرگنائزر مسلم لیگ (ن) مریم نواز نے پنجاب، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا ویمن ونگ کی کوآرڈینیشن کمیٹیاں تشکیل دیدیں۔ پنجاب کے علاوہ اسلام آباد، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا خواتین ونگ کی بھی کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں، چیف آرگنائزر مریم نواز نے استقبالیہ کے لئے کوآرڈینیشن کمیٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق راولپنڈی ڈویژن کے ذمہ دار خواجہ سعد رفیق ہوں گے، گوجرانوالہ کی ملک احمد خان، سرگودھا کی احسن اقبال اور فیصل آباد کی کمیٹی کی سربراہی خرم دستگیر کریں گے، ساہیوال ڈویژن کی کمیٹی کے میاں جاوید لطیف، ملتان کے اویس لغاری، بہاولپور کے سردار ایاز صادق سربراہ ہوں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ڈیرہ غازی خان کے طلال چودھری اور لاہور ڈویژن کی کمیٹیوں کے سعود مجید ذمہ دار ہوں گے، 9 ڈویژنز کی زیر سرپرستی پنجاب کے 36 اضلاع کے عہدیداران کی کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔ عطا تارڑ کو ضلع راولپنڈی، مصدق ملک کو اٹک اور حنیف عباسی کو چکوال کمیٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، صبا صادق جہلم، گجرات کے شیخ آفتاب سربراہ مقرر کیے گئے ہیں، ڈاکٹر طارق فضل چودھری سرگودھا، چودھری تنویر اوکاڑہ کمیٹیوں کے سربراہ ہوں گے۔ 30 ستمبر کو تمام کمیٹیاں پارٹی قائد نواز شریف کے استقبال کی تیاریوں سے متعلق اپنی رپورٹس چیف آرگنائزر مسلم لیگ (ن) مریم نواز کو پیش کریں گی۔

### بقیہ 43

پنجاب کے مطابق سرکاری رقبہ پر ناجائز تعمیرات کے الزام پر خاور فرید مانیکا کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ خاور فرید مانیکا کے خلاف ڈپٹی کمشنر کے ریفرنس پر انکوائری کررہے ہیں۔ ڈی سی ریفرنس میں کہا گیا ہے کہ خاور مانیکا نے قبرستان کی جگہ پر غیر قانونی شادی ہال تعمیر کیا، خاور فرید مانیکا نے قبرستان کی زمین پر غیر قانونی 26 دوکانیں بھی تعمیر کیں ، شادی ہال بغیر منظوری / نقشہ قبرستان کی 4 کنال اراضی پر بنایا گیا۔ ترجمان کے مطابق خاور فرید مانیکا ایک عرصے سے پیر اسلام قبرستان حویلی لکھا کی زمین پر ناجائز قابض ہیں، خاور فرید مانیکا کو ملک سے فرار ہونے کی کوشش کررہے تھے۔ ترجمان نے کہا کہ اینٹی کرپشن نے ملک سے فرار ہونے کی کوشش ناکام بنا کر گرفتار کیا۔ اینٹی کرپشن کی پنجاب بھر میں کرپٹ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

### بقیہ 44

مراسلہ میں ہدایت کی گئی ہے کہ طلبا کو بیماری اور اس سے بچا کی تدابیر بتائیں جائیں۔ سکولوں میں آشوب چشم وبا کی وجہ سے طلبا کی حاضری کم ہو گئی آشوب چشم ایک طالب علم سے دوسرے طالب علم میں تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ان دنوں آشوب چشم میں مبتلا ہونیوالوں کی تعداد کافی بڑھ رہی ہے۔ بڑوں سے زیادہ بچوں میں یہ شکایت پائی جارہی ہیں جس کی وجہ سیاسکولوں میں طلبہ کی حاضری ?25 تا 30 فیصد کم ہوگئی ہے۔ ساتھ ہی ان دنوں اسکول میں امتحان جاری ہیں لیکن آنکھوں کے متاثر ہونیسے متعدد طلبا امتحان نہیں دے پارہے ہیں۔ کچھ بچے آشوب چشم میں مبتلا ہونے کے باوجود چشمہ لگا کر امتحان دے رہے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق آشوب چشم کیمریضوں میں اضافہ ہوا ہے۔ عوام احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔

### بقیہ 45

اٹھانے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ انجکشن کی فروخت اور استعمال پر عارضی طور پر پابندی لگائے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈریپ ذرائع کے مطابق متعلقہ انجکشن کے امپورٹر کو حکم نامہ ارسال کیا گیا ہے جس میں انہیں مارکیٹ سے متعلقہ انجکشن کا اسٹاک واپس اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ ڈریپ ذرائع کے مطابق صوبوں کو متعلقہ انجکشن کا استعمال روکنے کے لیے اقدامات کی ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈرگ لیبارٹری کی رپورٹ ملنے پر متعلقہ انجکشن کے بارے میں حتمی فیصلہ ہوگا۔ دوسری جانب پنجاب کے نگراں صوبائی وزیر برائے پرائمری اینڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ انجکشن لگنے سے جن کی بینائی متاثر ہوئی ہے ان کا مفت علاج کیا جائے گا۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ یہ ایمرجنسی انجکشن نہیں ہے، یہ ملٹی نیشنل کمپنی کا بنایا ہوا ہے، جس پر پابندی لگائی گئی ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے بتایا کہ یہ انجکشن ڈریپ سے رجسٹرڈ ہے جو کینسر کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

### بقیہ 46

کیا کہ گزشتہ سال مارچ میں آپکو جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ کیوں نہ آپ کو جرمانہ عائد کیا جائے۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق میں غلطی تسلیم کرتا ہوں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ سپریم کورٹ کیخلاف پراپیگنڈا کیا جاتا ہے کہ اربوں روپے کے ٹیکس مقدمات ہم نے دبا کر رکھے ہوئے ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ ٹیکس مقدمات میں آپکی یہ حالت ہے کہ ڈیڑھ سال میں جواب تک جمع نہ کرایا جاسکا، ہمارے بارے میں کہا جاتا ہے ٹیکس مقدمات عدالتوں میں پھنس جاتے ہیں۔ عدالت نے وکیل درخواست گزار کو دس ہزار روپے کا جرمانہ عائد کردیا۔ عدالت نے کہا کہ جرمانے کی رقم اپنی مرضی کے خیراتی ادارے میں جمع کروا کر رسید جمع کرائی جائے، عدالت نے وکیل درخواست گزار کو تحریری جواب جمع کرانے کیلئے آخری مہلت دیدی۔

### بقیہ 47

این اے کے امیدوار چوہدری صابر حسین بھلہ کی قیادت میں ملنے والے وفد ملک جمشید شہباز چوہدری لیاقت ڈگرا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے خلاف بجلی چوری کے جھوٹے مقدمات ہورہے ہیں جسکی موجودہ مثال چوہدری صابر حسین بھلہ کے خلاف تھانہ فیروزوالہ میں درج کی جانے والی بجلی چوری کی جھوٹی ایف آئی آر ہے ۔ پیپلز پارٹی جھوٹے مقدمات کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھائے گی ۔ آصف زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی پنجاب آئندہ الیکشن میں جیت کر دکھائے گی بہت جلد عوامی رابطہ مہم شروع کررہے ہیں ، یہ رابطہ مہم کا آغاز مرید کے سے کریں گے کیونکہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید بھی پنجاب میں عوام رابطہ مہم مرید کے سے شروع کرتی تھیں ۔ مرید کے کو پیپلز پارٹی کا منی لاڑکانہ کہا جاتا تھا ۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق کی علامت ہے ہر صوبہ ہر شہر ہر محلہ گلی اسکا کارکن موجود ہے انشااللہ دیگر پارٹیوں کو ٹف ٹائم دیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا دور اقتدار عوام کے سامنے ہے ہم نے ہمیشہ عوام کی سیاست کی ،عوام میں رہے اور عوام کی خوشحالی کے لئے کام کیا ،اداروں کیساتھ کبھی ٹکراؤ کی پالیسی اختیار نہیں کی بلکہ اداروں کیساتھ ملکر پاکستان کی اساس کے لئے کام کیا۔ آصف زرداری نے کہا کہ آج جو سیاسی بونے جمہوریت جمہوریت کرتے ہیں یہ پیپلز پارٹی کی بدولت ہے ، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت اور ملک کے لئے سوچ رکھی ۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے پاکستان کو ناقابل تسخیر ایٹمی بنیاد دی ،سی پیک جیسے عالیشان منصوبے دیئے ۔ انہوں نے کہا کہ جیالے تیار ہو جائیں الیکشن میں جیت انشااللہ ہمارا نشان ہوگی ۔

### بقیہ 48

چکا ۔ اسلام آباد کے تمام انڈر ٹرائل قیدی اڈیالہ جیل میں ہیں ۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ابھی تک اٹک کیوں رکھے گئے ہیں؟ اڈیالہ جیل کیوں نہیں؟ ۔ اوریجنل آرڈر توشہ خانہ میں اڈیالہ جیل میں رکھنے کا تھا ۔ کل اگر آپ رحیم یار خان کی جیل میں بھیج دیں تو وہاں جیل ٹرائل کریں گے؟ ۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ جب سائفر کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری ہوئی تو عدالتی آرڈر اٹک جیل کا ہے ،جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ اس وقت کیوں کہ وہ اٹک جیل میں تھے ، اسی لیے جج نے آرڈر کیا ۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ قانون کے مطابق اسلام آباد کے انڈر ٹرائل قیدی کو اڈیالہ جیل ہونا چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل شفٹ کریں۔ دوران سماعت وکیل شیر افضل مروت ایڈووکیٹ نے استدعا کی کہ چیئرمین پی ٹی آئی اسپورٹس مین ہیں، انہیں ایکسر سائز مشین فراہم کی جائے، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ بتایا گیا تھا کہ اب جیل میں اے بی اور سی کلاس ختم ہوگئی ہے۔ اب جیل میں عام اور بہتر کلاس ہوتی ہے، وہ بہتر کلاس کے حقدار ہیں۔ جیل رولز کے مطابق وہ جن چیزوں کے حقدار ہیں وہ انہیں ملنی چاہئیں۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ ان کی کوئی حق تلفی ہو۔ وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی اٹک جیل سے اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا تحریری حکمنامہ جاری کیا جائے، جس پر چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ کوشش ہوگی کہ اڈیالہ جیل منتقلی کا آج ہی تحریری حکمنامہ جاری کردیں۔

### بقیہ 49

کو اڈیالہ جیل میں اٹیچ باتھ روم مہیا کیا گیا ہے، انہیں سابق وزیر اعظم کی سہولیات مہیا کردی گئی ہیں تاہم دوسری جانب اڈیالہ جیل حکام نے چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل منتقل کرنیکی خبر کی تردید کردی ہے۔ جیل انتظامیہ کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کو تاحال اڈیالہ جیل منتقل نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پیر کو ہی چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالتِ عالیہ میں چیئرمین پی ٹی آئی کی جیل کی سہولتوں سے متعلق درخواست پر چیف جسٹس عامر فاروق نے سماعت کی تھی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے کہا کہ قانون کے مطابق اسلام آباد کے انڈر ٹرائل قیدی کو اڈیالہ جیل میں ہونا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل شفٹ کریں۔ شیر افضل مروت ایڈووکیٹ نے استدعا کی کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو ایکسر سائز مشین کی سہولت دی جائے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ بتایا گیا تھا کہ اب جیل میں اے بی اور سی کلاس ختم ہوگئی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ اب جیل میں عام اور بہتر کلاس ہوتی ہے، وہ بہتر کلاس کے حق دار ہیں۔ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ یہ بات تو طے شدہ ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی بہتر کلاس کے حق دار ہیں، وہ سابق وزیر اعظم اور ایک پڑھے لکھے شخص ہیں، جیل رولز کے مطابق وہ جن چیزوں کے حق دار ہیں وہ انہیں ملنی چاہئیں، ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی کوئی حق تلفی ہو۔

### بقیہ 50

فیلڈ موجود نہیں اور دی بھی نہیں جارہی، الیکشن کمیشن کے سامنے لیول پلینگ فیلڈ کے حوالے سے بار بار اپنے خدشات رکھے ہیں۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ سپریم کورٹ 90 روز میں انتخابات کرانے کے اپنے فیصلے پر عمل بھی کرائے، الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابی شیڈول کا اجرا آئین کی توہین ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی ادارہ 90 دن سے آگے انتخابات کی کوئی تاریخ نہیں دے سکتا، انتخابات کی تاریخ دینا صدر کا آئینی استحقاق ہے، آئینی بحران نمٹانے کی ساری ذمے داری سپریم کورٹ کے کندھوں پر آن پڑی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے سے ہی انتخابات ہونے یا نہ ہونے کی افواہیں ختم ہوں گی۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ سپریم کورٹ انتخابات کرانے کے حوالے سے سپریم کورٹ بار اور پی ٹی آئی کی درخواستوں پر فیصلہ سنائے۔

### بقیہ 51

سے ٹیکسلا میوزیم کے ساتھ لاہور میوزیم کو بھی اپ لفٹ کریں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ جاپان کا آٹو انڈسٹری میں اپنا علیحدہ مقام ہے، الیکٹرک موٹر بائیکس کے حوالے سے جاپانی تعاون چاہتے ہیں، پنجاب کی ڈویلپمنٹ کیلئے جاپان کے تکنیکی تعاون کی ضرورت ہے، ٹیکنالوجی میں جاپان کی مہارت مسلمہ ہے۔ جاپانی سفیر نے وزیر اعلی پنجاب کو تکنیکی معاونت کے لئے تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کے ساتھ میوزیم، ثقافت اور دیگر شعبوں میں تعاون جاری رکھیں گے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر، چیف سیکرٹری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکرٹری وزیر اعلی، ڈپٹی کمشنر اور دیگر متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے، اس کے علاوہ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل عامر شیرازی اور فرسٹ سیکرٹری و ہیڈ آف پولیٹیکل سیکشن تابوکونی شنوہارانے بھی ملاقات میں شرکت کی۔

### بقیہ 52

پی ٹی آئی سے ممرد آف آل ڈیلز ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کمیٹی برائے دفاع کے سربراہ اور ن لیگی رہنما مشاہد حسین سید نے نجی ٹی کو خصوصی انٹرویو میں چیئرمین پی ٹی آئی کے حوالے سے کہا کہ مجھے لگتا ہے چیئرمین پی ٹی آئی سے ممرد آف آل ڈیلز ہوگی، اب قیدی نمبر 804 پکڑائی نہیں دے رہا، سنبھالا نہیں جارہا تو اس سے سبق سیکھیں۔ مشاہد حسین کا کہنا تھا کہ سب کو ساتھ لیکر چلیں اور اگر اب تصادم ہوا تو ملک اس کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ ن لیگی رہنما نے بتایا کہ مغربی ممالک کے وفد نے مجھے پوچھا چیئرمین پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ میں کیا چل رہا ہے؟ تو میں نے کہا یہ عاشق اور معشوق کی لڑائی ہے، جس میں معافی تلافی بھی ہوجاتی ہے۔ انتخابات سے متعلق سینیٹ کمیٹی برائے دفاع کے سربراہ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ویسے بھی یوٹرن کیا ہر ہیں، معتبر الیکشن کرانے ہیں تو بشمول پی ٹی آئی کسی کو باہر نہیں رکھ سکتے، پی ٹی آئی کا انتخابات میں کردار ہے۔

### بقیہ 53

مطابق پیپلز پارٹی کے رہنما منظور وسان نے کوٹ ڈیجی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلاول بھٹو کا کراچی سے سفر شروع ہوا، یقینا بلاول صاحب کا پریشر تھا تو الیکشن کمیشن نے الیکشن کا اعلان کیا، الیکشن جنوری کے آخری ہفتے میں ہوں گے۔ پی ٹی آئی کے حوالے سے منظور وسان کا کہنا تھا کہ الیکشن سے پہلے یا بعد چیئرمین پی ٹی آئی کی مشکلات کم ہوتی نظر نہیں آرہی۔ نواز شریف کی واپسی پر پی پی رہنما نے کہا کہ نواز شریف وطن واپس آئیں گے یا نہیں یہ اکتوبر میں ہی پتہ چلے گا لیکن آنا تو پڑے گا۔

### بقیہ 54

اور ملک میں ایکوٹی کے لیے ضروری پالیسی ایڈجسٹمنٹ پر مشورے دیتا ہے۔ ڈاکٹر کوثر ملک نے کہا کہ ایگریکلچر پالیسی انسٹی ٹیوٹ کو صوبوں کی مشاورت سے فوڈ سپلائی چین پر متفقہ جامع پلان پر کام کرنا چاہیے جس سے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مصنوعی اضافے کو کنٹرول کرنے کی راہ ہموار ہو گی۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ طلب اور رسد میں عدم مماثلت یا کمزور ریگولیٹری فریم ورک اور ذخیرہ اندوزی کا نتیجہ ہے۔

### بقیہ 55

دائر کی تھی جس پر جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس مسرت ہلالی نے سماعت کی۔ دوران سماعت ایک ملزم کی عدم پیروی جبکہ دوسرے کی وکلاء کے دلائل کے بعد درخواستِ ضمانت خارج کر دی گئی۔ سماعت کے دوران جسٹس مسرت ہلالی نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ افسوس ہے کہ محکمہ تعلیم پنجاب کا یہ حال ہے۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے کہا کہ غریب سے زیادتی ہوئی، سیلری ہڑپ کرلی پھر مزید پیسے بھی لے لیے۔ سماعت کے دوران پنجاب حکومت کے وکیل نے بتایا کہ ملزم نے مدعی کو سرکاری اسکول میں چوکیدار کی نوکری دلوائی، ایک سال ملزم اس چوکیدار کی سیلری اپنے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کرواتا رہا، ساتھی ملزم کے ساتھ مل کر سیلری دلوانے کے لیے مزید 70 ہزار روپے مانگے،

# ''خواتین پر تشدد اب نہیں'' پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

## قانون پر عمل نہ کرنے والوں کو تین ماہ سے دوسال تک قید اور 50 ہزار روپے سے پانچ لاکھ تک جرمانہ کی سزا ہو سکتی ہے

## ممکنہ تشدد کی شکار خواتین اطلاع کے لئے 1737 پر اطلاع کر سکتی ہیں، ڈسٹرکٹ پروٹیکشن کمیٹی کا پہلا اجلاس

فیصل آباد (عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پروٹیکشن کمیٹی کا پہلا اجلاس ضلع کونسل کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس ثمینہ سیف نیازی، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مزمل یار، ڈپٹی ڈائریکٹر آمنہ عالم، انچارج وومن پروٹیکشن سنٹر کنول شہزادی اور کمیٹی کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔ انچارج سنٹر نے بتایا کہ پنجاب بھر میں تحفظ خواتین ترمیمی ایکٹ برائے انسداد تشدد 2022ء کا نفاذ عمل میں لایا گیا ہے جس کے تحت شہید بینظیر بھٹو کرائسز سنٹر کو ''خواتین تحفظ مرکز'' کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ قانون پر عمل نہ کرنے والوں کو تین ماہ سے دوسال تک قید اور 50 ہزار روپے سے پانچ لاکھ تک جرمانہ کی سزا ہو سکتی (بقیہ نمبر 1)

## لاہور پولیس میں تھانے کی سطح پر بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی نے 15 ایس ایچ اوز کے تقرر و تبادلے کر دیئے۔ اسد قریشی اسلام پورہ، رائے ناصر ریس کورس، راو نعیم تھانہ ہیر تعینات، یاسر چیمہ گلبرگ، بلال عربی لوہاری، انسپکٹر سبطین موچی گیٹ تعینات، رضوان رنگ محل، اعتزاز سورایا باٹا پور، حماد شاہ گوالمنڈی تعینات، دلاور جٹ گلشن راوی، زاہد حسین شاہ لوئر مال تعینات، واجد جہانگیر گڑھی شاہو (بقیہ نمبر 2)

## گوادر کے وفد کا دورہ چین، ترقی اور جدت کاری کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) گوادر سے 10 رکنی وفد چین کے دورے سے واپس آ گیا، چین میں انہوں نے ملک کی ترقی اور جدت کاری کی کوششوں کا جائزہ لیا۔ وفد نے چین کی ترقی اور دوستانہ تعلقات کی تعمیر کے لئے اس کے ہمسایہ سفارتکاری کے نقطہ نظر کی تعریف کی۔ گوادر پرو کے مطابق وفد نے اس بات (بقیہ نمبر 4)

## نواز شریف عوام پر احسان کریں اور لندن میں ہی رہیں، بیرسٹر سیف

اسلام آباد (آئی آئی پی) پی ٹی آئی رہنما بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ نواز شریف عوام پر احسان کریں، لندن میں ہی رہیں، ان کی خاندانی سیاست اپنی موت مر چکی ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی واپسی کے حوالے سے بیان دیتے ہوئے تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ نواز شریف عوام پر احسان کریں، لندن میں ہی رہیں، اور وہاں بیٹھ کر نہاریاں کھائیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ چھوٹے بھائی 17 ماہ کی دیہاڑی لگا کر واپس جا چکے ہیں، پاکستان میں اب ان کی لوٹ مار کیلئے مزید کچھ نہیں بچا، نواز شریف واپسی کی بجائے لوٹی ہوئی دولت عوام کو دیں۔

## سرچارجز لگانا یا ہٹانا لیسکو کا اختیار نہیں، ہائی کورٹ

## نیلم جہلم سرچارج، پی ٹی وی فیس کی وصولی کیخلاف درخواست نمٹا دی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور ہائیکورٹ نے نیلم جہلم سرچارج اور پی ٹی وی فیس کی وصولی کے خلاف درخواست نمٹاتے ہوئے درخواست گزار کو نیپرا سے رجوع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سرچارجز لگانا یا ہٹانا لیسکو کا اختیار نہیں، درخواست گزار نیپرا سے رجوع کرے۔ ہائیکورٹ کے جسٹس فیصل زمان خان نے کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 3)

ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن ایلیمنٹری ایجوکیشن پنجاب چوہدری محمد امین مختلف سکولوں کا ریکارڈ چیک کر رہے ہیں

## سرکاری سکولوں میں معیار تعلیم کو بلند کیا جائے، چوہدری امین

## ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن ایلیمنٹری ایجوکیشن پنجاب کا مختلف سکولوں کا دورہ کیا

فیصل آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن ایلیمنٹری ایجوکیشن پنجاب چوہدری محمد امین نے مختلف سکولوں کا دورہ کیا اور تدریسی و انتظامی امور چیک کئے۔ سی ای او ایجوکیشن کاشف ضیاء بھی ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول پیپلز کالونی نمبر 1، گورنمنٹ میونسپل کارپوریشن ایلیمنٹری سکول خراساں والا سوساں روڈ، گورنمنٹ کمپری ہیسو ماڈل گرلز ہائیر سیکنڈری سکول مدینہ ٹاؤن (بقیہ نمبر 5)

## کمرشل مارکیٹس میں تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری

## تجاوزات کا خاتمہ کر کے سرکاری جگہ اور عوامی راستوں کو خالی کرالیا گیا

فیصل آباد (چیف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں تجاوزات کے خلاف آپریشن تسلسل کے ساتھ جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ نے کارروائی کرتے ہوئے ملت روڈ کی مختلف جگہوں سے عارضی و پختہ تجاوزات کا صفایا کر دیا جبکہ تجاوزات سے باز نہ آنے والے بیس دکانداروں کے خلاف چالان کر کے سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت کو بھجوا دیئے۔ علاوہ ازیں ایف ڈی اے سٹی میں تعمیر (بقیہ نمبر 6)

فیصل آباد۔ ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کی طرف سے تجاوزات کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے

# پنجاب میں رجسٹرڈ ووٹرز کی کل تعداد 7 کروڑ 23 لاکھ 10 ہزار سے متجاوز

## 2018 کے مقابلے میں پنجاب میں ووٹرز کی تعداد 1 کروڑ 16 لاکھ 37 ہزار 811 ووٹرز کا اضافہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ملک بھر میں عام انتخابات کا معاملہ، الیکشن کمیشن نے پنجاب بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ الیکشن کمیشن کی دستاویزات کے مطابق صوبہ پنجاب میں رجسٹرڈ ووٹرز کی کل تعداد 7 کروڑ 23 لاکھ 10 ہزار 582 ہو گئی، 2018 کے مقابلے میں پنجاب میں ووٹرز کی تعداد 1 کروڑ 16 لاکھ 37 ہزار 811 ووٹرز کا اضافہ ہوا، پنجاب میں رجسٹرڈ مرد ووٹرز کی تعداد 3 کروڑ 87 لاکھ 20 ہزار 67 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 3 کروڑ 59 لاکھ 90 ہزار 515 ہے۔ دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ 2018 کے مقابلے میں پنجاب میں رجسٹرڈ خواتین ووٹرز کی تعداد میں 65 لاکھ 98 ہزار 1 4 1 ووٹرز کا اضافہ (بقیہ نمبر 7)

## سپریم کورٹ، برطرف اے ایس آئی کی سروس بحالی کی اپیل خارج

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سینئر وکیل سردار خان قتل کیس میں برطرف اے ایس آئی کی سروس بحالی کی اپیل پر سماعت کے دوران درخواست گزار علی سید کی سروس بحالی کی اپیل خارج کر دی۔ پیر کو چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں قائم تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میرا موکل سحری کیلئے کینٹین گیا تو ملزم ہسپتال سے بھاگ گیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ آپ کے موکل نے خود تسلیم کیا کہ اس نے ڈیوٹی کی جگہ چھوڑ کر غفلت کا مظاہرہ کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ سحری ہسپتال میں ملزم کے سامنے بھی کی جا سکتی تھی، آپ کا موکل ڈیوٹی کی جگہ چھوڑ کر گیا تو ملزم فرار ہو گیا۔

## پاکستان رینجرز سندھ نے اکتیس غیر قانونی ہائیڈرنٹس سیل اور ستائیس مسمار کیے

کراچی (این این آئی) سندھ میں غیر قانونی معاشی سرگرمیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا گیا، پاکستان رینجرز سندھ نے اکتیس غیر قانونی ہائیڈرنٹس سیل اور ستائیس مسمار کیے، سڑسٹھ واٹر ٹینکر بھی تحویل میں لیے، ایک سو بتیس افراد پانی چوری کے الزام میں گرفتار کر لیے گئے۔ کراچی میں غیر قانونی واٹر ہائیڈرنٹس کے خلاف مہم تیز ہو گئی واٹر بورڈ کے اشتراک سے رینجرز سندھ نے منگھو پیر، ناظم آباد، اورنگی، ایوب گوٹھ، جنجل گوٹھ، گلزار ہجری، قیوم آباد، چکرا گوٹھ کورنگی، بلدیہ ٹاؤن اور جمشید کوارٹرز کے علاقے میں قائم غیر قانونی ہائیڈرنٹس کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائیوں کے دوران 31 غیر قانونی ہائیڈرنٹس سیل اور 27 مسمار کیے جبکہ 67 واٹر ٹینکر بھی تحویل میں لیے آپریشن میں 132 افراد پانی چوری کے الزام میں گرفتار، 31 ایف آئی آر درج کرائی گئیں۔ سندھ میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف آپریشن کیا جا رہا ہے۔

## لسبیلہ، تیز رفتاری کے باعث کار الٹ گئی، 2 افراد جاں بحق

لسبیلہ (اے ایف بی) لسبیلہ میں تیز رفتاری کے باعث کار الٹ گئی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق، 2 زخمی ہو گئے۔ حادثے کا شکار کار کراچی سے کوئٹہ جا رہی تھی کہ لسبیلہ کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، حادثے کے بعد کار مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر لاشیں اور زخمی افراد کو ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل منتقل کر دیا گیا، پولیس نے وجوہات جاننے کیلئے تحقیقات شروع کر دیں۔

## 2030 تک ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ

## پاکستان اس وبائی مرض کے خاتمے کے ہدف کے حصول کیلئے پرعزم ہے، سردار مسعود

نیویارک (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ ہماری ترجیحات میں نیشنل اسٹریٹجک فریم ورک کو جدید خطوط پر استوار کرنا، وبائی امراض کی بہتر نگرانی، پیدائش کے وقت ہیپاٹائٹس بی کی ویکسینیشن میں اضافہ، ہیپاٹائٹس سی وائرس (ایچ وی سی) کی تشخیص و علاج اور کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہے (بقیہ نمبر 8)

## سائفر کیس، چیئرمین پی ٹی آئی کی ان کیمرا سماعت کی استدعا پر فیصلہ محفوظ

## اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس کی سماعت کی

## پوری قوم کی نظریں اس ضمانت کی درخواست پر لگی ہوئی ہیں، شیر افضل مروت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سائفر کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کی درخواست ضمانت کی ان کیمرا سماعت کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے آغاز میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ صرف دو وکلا روسٹرم (بقیہ نمبر 9)

صوفی بزرگ حضرت میاں میرؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر خواتین زائرین لنگر لے رہی ہیں

## حماد صدیقی سمیت دیگر کا شناختی کارڈ، پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

## بڑی تعداد میں فیکٹریاں رجسٹرڈ ہی نہیں ہیں اگر فیکٹریاں رجسٹرڈ نہیں ہیں

## تو غیر رجسٹرڈ فیکٹریوں کو فوری رجسٹرڈ کیا جائے، جسٹس کے کے آغا کے ریمارکس

کراچی (اے ایف بی) سندھ ہائی کورٹ نے سانحہ بلدیہ کیس کے ملزم حماد صدیقی سمیت 4 ملزمان کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس کے کے آغا کی سربراہی میں سندھ ہائی کورٹ کے 2 رکنی بینچ کے روبرو سانحہ بلدیہ کیس، اسٹیٹ لائف رجبئل چیف اور پولیس اہلکار کے قتل میں مفرور ملزمان کی وطن واپسی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے مفرور ملزمان حماد صدیقی، تقی حیدر شاہ اور خرم (بقیہ نمبر 10)

## لائسنسوں کے اجراء اور تجدید کیلئے ٹریننگ شیڈول کا اعلان

## جس کے لیے درخواستیں 9، اکتوبر سے 25، اکتوبر 2023ء تک وصول کی جائیں گی

فیصل آباد (چیف رپورٹر) محکمہ زراعت شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز نے ڈیلرز کے لائسنسوں کے اجراء اور تجدید کے لیے ٹریننگ شیڈول کا اعلان کر دیا ہے جس کے لیے درخواستیں 9، اکتوبر سے 25، اکتوبر 2023ء تک وصول کی جائیں گی جبکہ ٹریننگ کا آغاز یکم نومبر 2023ء سے ہوگا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز چوہدری اسرار ارشد کے مطابق نئے درخواست گزار ٹریننگ فیس سات ہزار دو سو ساٹھ (7260) روپے جبکہ تجدید اور فیلڈ اسسٹنٹ ڈپلومہ ہولڈرز تین ہزار چھ سو تیس (3630) روپے جمع کروائیں۔

کمشنر سلوت سعید ربیع الاول کی مناسبت سے تیار کئے گئے قرآنی خطاطی کے فن پارے دیکھ رہی ہیں

## قرآنی خطاطی امت مسلمہ کا قابل قدر ورثہ ہے، کمشنر سلوت سعید

## ربیع الاول کے مقدس مہینہ میں اس نمائش کی شان میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے

فیصل آباد (چیف رپورٹر) کمشنر سلوت سعید نے کہا ہے کہ قرآنی خطاطی امت مسلمہ کا قابل قدر ورثہ ہے جس کے ذریعے نہ صرف خطاط حضرات کو اپنے فن کے اظہار اور روحانی تسکین کے مواقع حاصل ہوتے ہیں بلکہ قرآن پاک کی عظمت کو بھی اجاگر کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ انہوں نے یہ بات ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے پنجاب (بقیہ نمبر 11)

## بینائی چھین لینے والے انجکشن کا معاملہ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا

## عدالت انجکشن کا استعمال روکنے اور ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا حکم دے، درخواست

لاہور (این این آئی) آنکھوں کی بیماری کے علاج کے لیے غیر معیاری انجکشن استعمال کرنے کا اقدام لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ رانا سکندر ایڈووکیٹ نے لاہور ہائی کورٹ میں غیر معیاری آنکھوں کا انجکشن استعمال کرنے کے اقدام کے خلاف درخواست دائر کر دی جس میں نگران پنجاب حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 12)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود سیرت النبیؐ پر کتب کی نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

## محمد خان بھٹی، سہیل اصغر اعوان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 9 اکتوبر تک توسیع

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ اربوں روپے کی کک بیکس اور کمیشن لینے کے کیس میں گرفتار سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی اور سہیل اصغر اعوان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 9 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ احتساب عدالت کے جج نسیم احمد ورک نے کیس کی سماعت کی۔ پولیس نے جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے پر دونوں ملزمان کو عدالت پیش کیا۔ عدالت (بقیہ نمبر 14)

## جناح ہاؤس حملہ کیس، صنم جاوید سمیت دیگر کی ضمانت منظوری چیلنج کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پراسیکیوشن نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں صنم جاوید سمیت دیگر ملزمان کی ضمانت منظوری کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق جناح ہاؤس حملہ کیس میں پراسیکیوشن انسداد دہشت گردی کی جانب سے صنم جاوید، روبینہ جمیل سمیت دیگر ملزمان کی ضمانتیں منظور کرنے کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کرے گی۔ اس سلسلے میں درخواست کی تیاری پر مشاورت جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 13)

## چیف جسٹس شیخ رشید کو بازیاب کرائیں، شیخ راشد شفیق

## شیخ رشید کے بارے میں کوئی ادارہ معلومات فراہم نہیں کر رہا

## پولیس سمیت ہر ادارے کا دروازہ کھٹکھٹایا کوئی کچھ نہیں بتا رہا، بیان

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سابق رکن قومی اسمبلی اور شیخ رشید احمد کے بھتیجے شیخ راشد شفیق نے کہا ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان سے درخواست ہے کہ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کو بازیاب کرائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شیخ رشید کے بارے میں کوئی ادارہ معلومات فراہم نہیں کر رہا، پولیس سمیت ہر ادارے کا دروازہ کھٹکھٹایا کوئی کچھ نہیں بتا رہا۔ شیخ راشد شفیق نے کہا کہ ہم نے شیخ رشید کے بارے میں پاکستان اور عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں کو خطوط لکھے ہیں۔ واضح رہے کہ 17 ستمبر کو عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کو گرفتار کیا گیا تھا۔

ڈپٹی کمشنر قصور، ارشد بھٹی ڈینگی تدارک کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## چوکیدار نے ماں بیٹے کو قتل کر کے لاشیں کنویں میں ڈال دیں

## گھر کے اندر کنویں سے ماں بیٹے کی لاشیں ملیں جنہیں گلا دبا کر قتل کیا گیا

کراچی ((اے ایف بی) ) ناظم آباد میں گھر کے چوکیدار نے ماں اور بیٹے کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ناظم آباد مجاہد کالونی میں گھر کے اندر کنویں سے ماں بیٹے کی لاشیں ملیں جنہیں گلا دبا کر قتل کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات کی گئی تو قتل کی واردات میں گھر کا چوکیدار ملوث نکلا جس نے دونوں کو گلا دبا کر قتل کیا اور لاشیں کنویں میں پھینک دیں۔ پولیس کے مطابق چوکیدار کو گرفتار کر لیا گیا اور تفتیش کے دوران اس نے لاشوں کی نشاندہی کی جس کے بعد لاشوں کو کنویں سے نکال لیا گیا۔

ڈپٹی سیکرٹری ٹو چیف منسٹر پنجاب علی رضا سبزی منڈی کی اراضی پر پارک کے قیام کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

## بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا اہم شاہراہ پر داخلہ بند

## مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کی موٹر سائیکلیں بند، غفلت و لاپرواہی کی دفعات کے تحت مقدمات کا حکم

لاہور (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا اہم شاہراہ پر داخلہ بند کر دیا جبکہ مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کی موٹر سائیکلیں بند، غفلت و لاپرواہی کی دفعات کے تحت مقدمات کا بھی حکم دیدیا۔ اس حوالے سے سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز نے کہا کہ مال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ، فیروز پور روڈ، گلبرگ سمیت اہم شاہراہوں پر بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا داخلہ بند کر دیا گیا ہے، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کو کسی بھی اہم و مصروف شاہراہ پر نہیں آنے دیا جائے گا۔ انہوں نے عادی بغیر (بقیہ نمبر 15)

## صوبے بھر میں 155 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

## راولپنڈی میں 65، لاہور میں 63، ملتان میں 9 مریض سامنے آئے

لاہور (این این آئی) 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 155 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق رواں سال پنجاب کے 36 اضلاع میں ڈینگی کے 3677 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے۔ راولپنڈی میں گزشتہ روز 65، لاہور میں 63، ملتان میں 9، فیصل آباد میں 6، گوجرانوالہ اور اٹک می (بقیہ نمبر 16)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

# کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں نئے سرے سے مقرر

## چنا سفید باریک کی تھوک قیمت 301 روپے اور پرچون قیمت 315 روپے فی کلوگرام مقرر کی گئی

## پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے کہا کہ وہ اشیاء کی نرخناموں کے مطابق مقررہ قیمتوں پر عملدرآمد کرائیں، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد

فیصل آباد (چیف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں بعض اشیائے ضروریہ کی موجودہ قیمتوں کا ازسرنو جائزہ لیکر مختلف اشیائے خورونوش کی قیمتیں نئے سرے سے مقرر جبکہ بعض کی سابقہ قیمتیں برقرار رکھی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق چنا سفید باریک کی تھوک قیمت 301 روپے اور پرچون قیمت 315 روپے فی کلوگرام (بقیہ نمبر 17)

## بیوی کو قتل کرنے کا الزام ثابت ہونے پر شوہر کو سزائے موت کا حکم

## مجرم سکندر خان نے 2 سال قبل اپنی اہلیہ کو فائرنگ کر کے قتل کیا تھا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) عدالت نے بیوی کو قتل کرنے کا الزام ثابت ہونے پر شوہر کو سزائے موت سنا دی۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے کیس کی سماعت کی جس میں ملزم سکندر خان پر دو سال قبل اہلیہ کو قتل کرنے کا جرم ثابت ہوا۔ مدعی وکیل (بقیہ نمبر 18)

## بلوچستان میں سکھ برادری کا بھارت کیخلاف شدید احتجاج

## کینیڈا میں سکھ رہنما کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہیں، اقلیتی رہنما

کوئٹہ (اے ایف بی) بلوچستان میں سکھ برادری نے کینیڈا میں سکھ رہنما کے قتل میں ملوث ہونے پر بھارت کے خلاف احتجاج کیا۔ سکھ برادری اور دیگر مقامی افراد نے بلوچستان کے شہر لسبیلہ پریس کلب کے سامنے کینیڈا میں بھارتی خفیہ ایجنسی را کے ہاتھوں (بقیہ نمبر 20)

نگران وزیر صحت جاوید اکرم کا ''ورلڈ فارماسٹس'' کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار کے مہمانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

## غیر شرعی نکاح کیس، پراسیکیوٹر نے عدالت میں پیشی سے معذرت کر لی

اسلام آباد (عوامی للکار) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف مبینہ غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت میں پراسیکیوٹر رضوان عباسی نے پیشی سے معذرت کر لی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف مبینہ غیر شرعی نکاح کیس کی سول جج قدرت اللہ نے سماعت کی۔ دورانِ سماعت عدالت میں پراسیکیوٹر رضوان عباسی (بقیہ نمبر 19)

## سانحہ جڑانوالہ کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قیام کی درخواست پر سماعت کل تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سانحہ جڑانوالہ کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کمیشن کے قیام کی درخواست پر سماعت کل (بدھ) تک ملتوی کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے نجی تنظیم کی درخواست پر سماعت کی۔ جس میں موقف اپنایا گیا کہ سانحہ جڑانوالہ میں اقلیتوں کے بنیادی آئینی حقوق متاثر ہوئے، استدعا ہے کہ عدالت (بقیہ نمبر 21)

# ایمبولینس سے سرکاری ادویات اور چائے کے ڈبے برآمد

## سرکاری نمبر پلیٹ والی ایمبولینس میں چائے فروخت کرنے والوں کو سمندری انتظامیہ نے دھر لیا

محکمہ لائیو سٹاک کے زیر اہتمام پیداواری صلاحیت بارے آگاہی سیشن سے ماہرین خطاب کر رہے ہیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد: سرکاری نمبر پلیٹ والی ایمبولینس میں چائے فروخت کرنے والوں کو سمندری انتظامیہ نے دھر لیا، تفصیلات کے مطابق ایمبولینس سے سرکاری ادویات اور چائے کے ڈبے برآمد، ڈرائیور سمیت 2 افراد کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا شہریوں کی اطلاع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈاکٹر غلام مرتضی نے کارروائی کی، سرکاری نمبر پلیٹ والی ایمبولینس کی چیکنگ کی،، ایمبولینس سے ناٹ (بقیہ نمبر 22)

## فواد چوہدری کی الیکشن کمیشن کارروائی کے خلاف درخواست مسترد

اسلام آباد (اے ایف بی) ہائی کورٹ نے فواد چوہدری کی الیکشن کمیشن کی کارروائی کے خلاف درخواست مسترد کر دی۔ توہینِ الیکشن کمیشن کے الزام میں فواد چوہدری کے خلاف الیکشن کمیشن کی کارروائی کے خلاف درخواست اسلام آباد ہائی کورٹ نے مسترد کر دی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے فواد چوہدری کی درخواست مسترد کی۔ واضح رہے کہ فواد چوہدری نے 2 فورمز پر کارروائی کرنے کو چیلنج کر رکھا تھا۔

## پاکستان سے مصر جانے والوں کیلئے نئی ہدایت جاری، پولیو ویکسینیشن سرٹیفکیٹ لازمی قرار

اسلام آباد (عوامی للکار) پاکستان سے مصر جانے والے مسافروں کے لیے نئی ہدایت جاری کر دی گئی، مسافروں کے لیے پولیو ویکسینیشن سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیدیا گیا۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے اپنی ویب سائٹ پر مسافروں کے لیے ہدایت جاری کر دی ہے۔ سی اے اے کے مطابق پاکستان سے مصر جانے والے مسافر پولیو ویکسینیشن کا بین الاقوامی سرٹیفکیٹ لازمی ساتھ رکھیں۔ سی اے اے کے مطابق پولیو ویکسین، او پی وی یا آئی پی وی دونوں قابل قبول ہیں۔ واضح رہے کہ مصر نے پاکستان سمیت افغانستان (بقیہ نمبر 25)

## کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری کے رجحان میں اضافہ

## اگست میں صارفین نے 103 ارب روپے کی خریداری کی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ملک بھر میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری کے رجحان میں اگست کے دوران سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق اگست 2023 میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے صارفین نے 103 ارب (بقیہ نمبر 23)

## فوڈ انٹرپرینیورشپ اور خواتین کو با اختیار بنانا تربیتی سیمینار

## شعبہ فوڈ اینڈ ٹیکنالوجی کی تمام طالبات نے ٹریننگ اور سیمینار میں شرکت کی

فیصل آباد (نمائندہ عوامی للکار) گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور پاک کوریا نیوٹریشن سینٹر کے تعاون سے ''فوڈ انٹرپرینیورشپ اور خواتین کو با اختیار بنانا'' کے موضوع پر سیمینار اور ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔ شعبہ فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی صدر پروفیسر ڈاکٹر عائشہ ثمین کی زیر نگرانی ہونے والے سیمینار سے ڈاکٹر کامران شریف اسوسیٹ پروفیسر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی زرعی یونیورسٹی (بقیہ نمبر 24)

Venue:
Jinnah Auditorium, GCWUF
September 25th, 2023, 9:30 AM
By:
Food S... and Technology
In Collaboration with:
Product ...ment and Value Addition Cha
Faculty ... Nutrition and Home Sciences

# فیسکو کا ٹی اینڈ ٹی کالونی میں چھاپہ، 14 بجلی چور گرفتار

## ڈائریکٹ بجلی چوری کرتے گرفتار کرتے ہوئے غیر قانونی 3 فیز میٹر اور تاریں اتار قبضہ میں لے لیں

## ٹی اینڈ ٹی کالونی کی انتظامیہ اور 6 نامعلوم ملزمان کے خلاف الیکٹریسٹی ایکٹ کی دفعہ کے 462 کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے

مکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سب ڈویژن گارڈن کالونی فیصل آباد کے حکام نے شہر کے پوش ایریا ٹی اینڈ ٹی کالونی میں چھاپہ مار کر 14 افراد کو ڈائریکٹ بجلی چوری کرتے گرفتار کرتے ہوئے غیر قانونی 3 فیز میٹر اور تاریں اتار قبضہ میں لے لیں۔ فیسکو کے ترجمان طاہر محمود شیخ نے بتایا کہ فیسکو ٹاسک فورس نے ایس ڈی او گارڈن کالونی میاں سنیل اسلم کی سربراہی میں محبوب میٹر انسپکٹر، عمر سعید، علی رضا، عقیل خان، ریاض احمد میٹر ریڈرز اور محمد اعظم لائن مین فیسکو ایم اینڈ ٹی اسٹاف نے دوران چیکنگ ٹی اینڈ ٹی کالونی ستیانہ روڈ میں ایک تھری فیز میٹر چیک کیا تو پتہ چلا کہ میٹر کے تینوں فیز ڈیڈ کر کے نیوٹرل ڈائریکٹ کر کے بجلی چوری کی (بقیہ نمبر 26)

## مزدور کی کم از کم اجرت 32 ہزار روپے مقرر

## اجرت میں اضافہ نہ کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائیگی، ڈائریکٹر لیبر

فیصل آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر (ایسٹ) رائے یسین سرفراز نے کہا ہے کہ نگران حکومت پنجاب نے مزدور کی کم از کم اجرت میں 28 فیصد اضافہ کر کے ماہانہ اجرت 32 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی ہے جس پر عملدرآمد کے لئے محکمہ تندہی سے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے تمام صنعتی و تجارتی ادارہ جات کے مالکان سے کہا کہ وہ اپنے ملازمین کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کم از کم اجرت پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ انسانی وسائل نے آگاہی مہم بھی شروع کی ہے اور ایسٹ زون میں فیکٹریز، دکانوں اور تاجر (بقیہ نمبر 27)

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ساجدہ لطیف سبزی منڈی غلام محمد آباد میں بولیوں کے عمل کی مانیٹرنگ کر رہی ہیں

## یورپی یونین مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرے

## مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی عروج پر ہے، صدر آزاد جموں و کشمیر

اسلام آباد (آئی آئی پی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ یورپی یونین مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرے کیونکہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی عروج پر ہے۔ لیکن اب بھارت اور بھارتی خفیہ ایجنسی را کے کینیڈا میں سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل میں ملوث ہونے کا کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے کینیڈین پارلیمنٹ میں واضح انکشاف کیا ہے اس پر دنیا کے تمام ملکوں کی ایجنسیاں اتفاق کرتی ہیں کہ بھارت اس قتل میں ملوث ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت اب پوری دنیا میں دہشت گردی کی سرگرمیوں میں ملوث ہے۔

## کراچی، گرفتار ملزمان کا خواتین اور طالبات سے متعدد وارداتوں کا انکشاف

کراچی (عوامی للکار) کراچی میں خواتین اور اسکول و کالجز کی طالبات سے متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ایس ایس پی کیماڑی نے کہا کہ بچت بازاروں میں خواتین سے لوٹ مار کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی کیماڑی نے کہا کہ ملزمان کو سی سی ٹی وی ویڈیو کی مدد سے شناخت کے بعد گرفتار کیا گیا۔ ملزم ابرار اور دانش سعید آباد سے گرفتار کیے گئے، جن سے 2 پستول اور زیر استعمال موٹر سائیکل برآمد ہوا ہے۔ ایس ایس پی کیماڑی نے یہ بھی کہا کہ ملزمان نے گزشتہ ہفتے جمعہ بازار سیکٹر 4 سعید آباد کے قریب (بقیہ نمبر 28)

## کھجور کی کاشت کا رقبہ بھی 90 ہزار ہیکٹر ہے، جامعہ زرعیہ فیصل آباد

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب میں کھجور کی کاشت کا رقبہ بھی 90 ہزار ہیکٹر ہو گیا جبکہ باغبان زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کھجور کاشت کر کے مزید بہترین پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین اثمارو زراعت نے بتایا کہ پنجاب میں کھجور کی کاشت سے 570 سے 630 ہزار ٹن تک سالانہ پیداوار حاصل کی جاتی ہے جبکہ اس کی اوسط پیداوار فی پودا اڑھائی سے 3 من تک ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کھجور کی فصل کیلئے خشک اور گرم مرطوب آب و ہوا کی ضرورت ہوتی ہے جس میں گرمی کی شدت زیادہ اور نمی کم ہونی چاہیے۔